لوبان اور براؤن شکر مکس کر کے اس پر مندرجہ ذیل عمل پڑھیں۔ ’’یَابَدِیْعُ سو (100) مرتبہ۔ یَابَاقِیُ سو (100) مرتبہ۔ سورۂ رحمٰن ایک مرتبہ اور چاروں قل ایک مرتبہ۔‘‘ پھر مسحور مریض کو سامنے بیٹھا کر دہکتے ہوئے انگاروں پر چٹکی چٹکی ڈالیں اور مسحور کو اس کی دھونی دیں۔ ایک ہفتہ دھونی دیں۔ پرانے سے پرانے مسحور کا سحر جادو ختم ہوجائے گا اور جادو کرنے والے پر واپس لوٹ جائے گا۔ اور مریض صحت یاب ہوجائے گا۔

جادو کا توڑ اور ہر قسم کی بندش ختم کرنا

روزانہ چند دن تک کسی خاص وقت مقرر پر مندرجہ ذیل پڑھ کر اپنے اوپر دَم کریں۔ ان شاءاللہ ہر قسم کی بندش ختم ہوجائے گی اور جادو کا اثر باطل ہوجائے گا۔

1۔ سورہ یٰسین شریف......ایک مرتبہ۔

2۔ سورہ الصافات......ایک مرتبہ

3۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ۔ ایک مرتبہ

عمل کبوتر برائے شفاء الامراض

جس کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتو مندرجہ ذیل عمل کریں۔ بفضل خدا صحت کاملہ نصیب ہوگی۔ دُعا نہایت باریک قلم سے لکھیں اور نیچے مریض مع والدہ کے نام لکھیں۔ اور آٹے میں گولی بنا کر جنگلی کبوتر کے حلق میں ڈال دیں۔ اور مریض کے سر کے گرد کبوتر پھیر کر یعنی وار کر (سات (7) چکر دیں) اور پھر کبوتر کو فضا میں چھوڑ دیں۔ یہ عمل تین (3) یوم کریں۔ ان شاءاللہ علاج مریض بھی صحت یاب ہوجائے گا۔ دُعا یہ ہے:

(اَللّٰهُمَّ هٰذا يطرفدية مِنْ (نام مريض معه والده) لحمه بلحمه و دمه ودمه برمه وعظمه بعطمه و شحره بشعده وجلده بجلده ومخه بمنعه مهبحته لمهبمته فتقبل مِنْ (نام مريض معه والده) واشفه سريعًا بمحمد واهل بيت صوات اللهِ وَسلامه عليهم اجمعين۔)

سحر جادو آسیب ختم کرنے کا نقش

جس فرد پر جادو، سحر یا آسیب کا اثر ہوتو مندرجہ ذیل نقش عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر مسحور یا آسیب زدہ کو دیں تاکہ وہ ایک نقش کو سات (7) یوم تک پانی میں گھول کر پیتا رہے اور روزانہ بغیر بسم اللہ کے سورۂ فلق پڑھ کر صبح وشام خود پر دَم کرے۔ نقش یہ ہے:

یا قابض

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

جادو کا اثر زائل کرنے کا طریقہ

جس شخص پر جادو کا اثر ہو، اپنے سامنے پانی رکھے اور سورۂ یٰسین پڑھے۔ جب لفظ مبین پر پہنچے تو پانی پر دَم کرے اور اسی طرح ہر مبین پر پانی پر دَم کرے۔ پھر مریض اُس پانی سے نہائے۔ ان شاءاللہ جادو کا اثر زائل ہوگا۔ لیکن خیال رہے پانی گندی نالی میں نہ جائے۔

مجرب وظائف

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ (دیو بند انڈیا)

دفع بے روزگاری کا عمل

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو یا ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہو یا باہر جانا چاہتا ہو اور رکاوٹیں سفر میں مانع ہوں تو اس کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد ''یَاسَمِیْعُ'' ایک سو اسی (180) مرتبہ، ''یَاوَاسِعُ'' ایک سو سینتیس (137) مرتبہ اور ''یَارَزَّاقُ'' تین سو آٹھ (308) مرتبہ پڑھا کرے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف پڑھے۔

پھل کو میٹھا کرنے کے لئے

حسب ذیل آیت کو پڑھ کر پھل کو تراشے۔ ان شاء اللہ وہ میٹھا ہوگا۔ آیت یہ ہے: فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (البقرۃ:۱۳۷)

حاجت پوری کرنے کے لئے

کوئی بھی حاجت ہو، بعد نمازِ مغرب دو (2) نفلیں بہ نیت قضاء حاجت پڑھ کر آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے ہاتھ اٹھا کر دس (10) منٹ تک (اندازا) یَارَبِّ یَارَبِّ کہتا رہے۔ اس عمل کو لگاتار سات (7) روز تک کرے۔ ان شاء اللہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

حل مشکلات کے لئے

جب کوئی مشکل پیش آئے تو وضو کر کے مکمل تنہائی میں دو (2) رکعت نماز نفل پڑھ کر دو سو انیس (219) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ پھر سجدے میں جا کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ کیسی بھی مشکل ہوگی، اس سے نجات مل جائے گی۔

دعا یہ ہے: اَللّٰهُمَّ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَامُبْدِئُ يَامُعِيْدُ يَافَعَّالُ لِّمَا يُرِيْدُ. اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ بِقُدْرَتِكَ الَّذِيْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَ بِرَحْمَتِكَ كُلَّ شَيْءٍ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَاغِيَاثُ اَغِثْنِيْ يَاغِيَاثُ اَغِثْنِيْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ يَامُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

تبادلہ روکنے کا عمل

اگر کوئی شخص اپنا تبادلہ رکوانا چاہتا ہو تو مندرجہ ذیل اسماء الٰہی کو بعد نماز فجر تین سو (300) مرتبہ لگاتار اکیس (21) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تبادلہ رک جائے گا۔ اسماء الٰہی یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَاقَادِرُ يَامُقْتَدِرُ يَاعَزِيْزُ يَاعَلِيْمُ يَاعَلِيُّ يَاعَظِيْمُ۔

حاجت کی تکمیل کے لئے

کسی بھی ایسی حاجت کی تکمیل کے لئے جو پوری نہ ہوتی ہو، تین (3) روز تک یہ عمل کریں کہ ہر فرض نماز کے بعد بیس (20) مرتبہ سورۂ رحمن پڑھیں اور دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ، کیسی بھی حاجت ہوگی، پوری ہو جائے گی۔

بقیہ (ص 54): خطوت الشیطن (شیطان کے نقش قدم)

وہ جو اللہ تعالیٰ کی ہدایت کو دل سے تسلیم کرتے ہیں اور اس کے مطابق ہی زندگی گزارنے کی جدوجہد میں لگے ہوتے ہیں۔ جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو اپنا دوست جانا اور باوجود اس کے اپنے آپ کو ہی راہ راست پر سمجھتے رہے، گمراہی ان کا مقدر بنی، یہاں تک کہ اپنے انجام کو پہنچے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (البقرۃ:۳۹)

''اور وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا اور جھٹلایا ہماری آیات کو وہی ہیں آگ والے، وہ لوگ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (نعوذ باللہ من ذالک)

دو سوالات اپنے آپ سے ہیں

1. کیا میں شیطان کے نقش قدم پر چلنے والوں میں تو نہیں؟
2. کیا انجام ہوگا شیطانی قدموں کی پیروی کا؟

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

اسمائے حسنیٰ کے خواص

اللہ

اس مبارک اسم کے ۶۶ عدد میں، بعض بزرگان اکابر کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے۔ قرآن کریم میں یہ مبارک اسم ۲۳۶۰ مقام پر پڑھنے میں آیا ہے اور یہ اسم ذات جمیع صفات رکھتا ہے۔ اگر یہ ہر روز ایک ہزار (1000) بار پڑھا جائے تو پڑھنے والا صاحب یقین ہوجاتا ہے اور یہ اسم ذات جمیع صفات رکھتا ورد کرے تو اس کا باطن کشادہ ہوجاتا ہے۔ اگر اس کا نقش مربع بخار والے کے گلے میں ڈالا جائے تو ان شاء اللہ صحت ہوجائے گی۔

بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ اگر صاحب عمل کسی آسیب زدہ کو یہ اسم چینی کے برتن میں لکھ کر پانی میں گھول کر بار بار پلائے تو آسیب زدہ کو شفاء حاصل ہوگی اور اگر اس اسم کو لکھ کر آسیب کے پانی میں گھول کر آسیب زدہ کے جسم پر چھڑکا جائے تو آسیب جل جائے گا۔ حضرت نوبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کا لڑکا جو کئی سالوں سے آسیب زدہ کی گرفت میں تھا، میں نے اس کا علاج اس طرح کیا یعنی آسیب کا پانی اس پر چھڑکا تو آسیب جل گیا اور مریض کو آسیب سے نجات حاصل ہوگئی۔ چنانچہ اسم باری تعالیٰ تمام امراض کے لیے شفاء بخش ہے۔ نقش یہ ہے

۸۱	۱۱	۳۶	۱
۳۵	۳	۷	۱۲
۳	۳۸	۹	۲
۱۰	۵	۲	۳۸

الرحمن

اس مبارک اسم کے اعداد ۲۹۸ ہیں۔ انسان کی مرض اور سختی دل کے لیے ہر نماز کے بعد ایک سو (100) دفعہ پڑھیں، علاوہ ازیں ضعف جگر و درد دل اور تمام امراض سینہ کے لیے اس کا نقش چینی کے برتن میں لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں اور اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں، نہایت نافع ہے۔

۲۷۳	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۷۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۷۱
۱۰	۴۶۹	۴	۱۵

الرحیم

اس مبارک اسم کے اعداد ۲۵۸ ہیں۔ صبح کی نماز کے بعد اگر کوئی صاحب ہر روز ایک دفعہ پڑھے تو تمام مخلوق میں محبوب و ممتاز ہوگا اور اگر اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے تو دنیا میں صاحب توقیر و مقبول رہے گا۔

۲۳۲	۱۱	۱۴	۱
۱۴	۴	۲۲	۱۲
۲	۱۶	۹	۲۲۰
۱۰	۴۶۹	۴	۱۵

الملک

اس مبارک اسم کے اعداد ۹۰ ہیں۔ اگر کوئی شخص اس اسم کا الملک القدوس ہمیشہ ورد رکھے تو اللہ کریم اس کے ملک کو قائم دائم رکھے گا اور ہر نفس اس کا مطیع رہے گا۔ چنانچہ شاہ عبدالرحمن نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ہر روز الملک ۹۰ بار پڑھے تو اس کا سینہ روشن ہوا اور وہ صاحب رزق و تونگر ہوجائے گا۔

القدوس

اس مبارک اسم کے اعداد ۱۷۰ ہیں۔ زوال کے وقت اگر کوئی شخص ہر روز یہ اسم پڑھے تو دل اس کا صاف ہوجاتا ہے اور اگر جمعہ کے دن نماز کے بعد اس کے ساتھ ''سبوح'' شامل کرکے روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھایا جائے تو فرشتہ سیرت ہوجاتا ہے۔ اُس کو خداوند کریم دشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے اور اگر یہ اسم ۳۱۹ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کرکے دشمنوں کو کھلائیں تو دشمن دوست بن جاتے ہیں۔

قضائے حاجت کے مجرب اعمال

کاش البرنی رحمہ اللہ

سورۃ فاتحہ

یہ طریقہ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ میں نے جس کو قضائے حاجت کے لیے بتایا، بفضلِ خدا سب کامیاب ہوئے ہیں۔ کوئی بھی کام ہو یا کوئی بھی غم و فکر ہو، جس سے بظاہر رہائی کی امید نہ ہو یا کسی بھی امر میں جب سب وسائل جواب دے جائیں تو سورۃ الحمد شریف کا عمل کریں۔

واضح رہے کہ اس سورۃ کی سات (7) آیات ہیں اور ہفتہ کے سات (7) ہی دن ہیں۔ شروع چاند میں اتوار کے دن یا اس کی رات سے اس عمل کی ابتداء کی جائے۔ پہلے گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پھر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پانچ سو بیاسی (582) مرتبہ اور پھر سات (7) مرتبہ درود شریف۔ پیر کے دن اول آخر سات سات (7،7) مرتبہ درود شریف اور الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ چھ سو اٹھارہ (618) مرتبہ۔ منگل کے اول آخر سات سات (7،7) مرتبہ درود شریف اور مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ دو سو اکتالیس (241) مرتبہ۔ پھر بدھ کے دن اول آخر سات سات (7،7) مرتبہ درود شریف اور اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ آٹھ سو چھتیس (836) بار۔ پھر جمعرات کے دن سات سات (7،7) مرتبہ اول آخر درود شریف اور اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ایک ہزار تہتر (1073) بار۔ پھر جمعہ کے دن اول آخر سات سات (7،7) بار درود شریف اور صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ایک ہزار آٹھ سو سات (1807) مرتبہ۔ پھر ہفتہ کے دن اول آخر سات سات (7،7) مرتبہ درود شریف اور غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ چار ہزار دو سو تین (4203) مرتبہ۔

واضح رہے کہ ہر روز ابتداء عمل میں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک بار ضرور کہنا ہے اور آخر میں دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت ہو۔ دعا میں ہر روز حاجت کے مقررہ الفاظ کو بیان کرو اور تبدیل بالکل نہ کرو۔ ان شاء اللہ، ایک ہفتہ میں کچھ اسباب غیبی ایسے پیدا ہوں گے، جو حاجت روا کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔

عمل بسم اللہ

یہ ایک بزرگ کا عطیہ ہے، جس کے با اثر ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ سچے دل اور اعتقاد سے اس عمل کو کرو اور خدائے پاک کے کلام سے فیضاب ہو۔ معلوم ہو کہ بسم اللہ شریف کلید ابواب مقاصد ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس عمل کے اثر کو زائل نہیں فرماتا۔ یہ عمل انیس (19) دن کا ہے۔ پڑھنے کا کوئی خاص وقت معین نہیں۔ فرصت کا وقت خود ہی انتخاب کر لیں۔ مگر اوّل دن جو وقت مقرر کیا تھا، آخر تک اس میں تبدیلی نہ ہو۔ اسی طرح مقام بھی تبدیل نہ ہو۔ شروع کرنے سے قبل روزانہ غسل کرنا ہوگا۔ عمل کے وقت کپڑے صاف اور خوشبو سے معطر ہوں۔ پڑھنے کی جگہ پڑھتے وقت بخور بھی جلایا کرو۔ کوئی خاص تاریخ یا دن شروع کرنے کا نہیں ہے۔ پرہیز صرف اس قدر ہے کہ انیس (19) دن تک کچا لہسن اور پیاز نہ کھانا۔ جس مقصد کے لئے یہ عمل کرو گے، خدا چاہے تو کامیابی ہوگی۔ اگر عمل کے اندر کامیابی ہو جائے تب بھی تم انیس (19) دن پورے کرو۔ روزانہ عمل کے اول و آخر تین تین (3،3) بار درود شریف پڑھا کرو۔ ذیل میں روزانہ کی تعداد پڑھنے کی درج ہے۔ اوپر کا ہندسہ روزانہ کا ہے اور اس کے تحت میں ہندسہ اس تعداد کا ہے جو روزانہ پڑھی جائے گی۔ پڑھنا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہی ہے۔ بہت احتیاط سے پڑھیں۔ تعداد میں بالکل کمی بیشی نہ ہو۔ ورنہ عمل کا اثر کم ہو جائے گا۔ بعد عمل کے مقصد کی دعا مانگا کرو۔

۴ / ۷۸۷	۳ / ۸۳۶	۲ / ۸۳۶	۱ / ۷۸۸
۸ / ۷۸۷	۷ / ۷۹۱	۶ / ۸۱۶	۵ / ۸۱۶
۱۲ / ۸۲۶	۱۱ / ۷۹۴	۱۰ / ۹۸۶	۹ / ۸۱۶
۱۶ / ۹۸۶	۱۵ / ۸۱۶	۱۴ / ۷۸۷	۱۳ / ۸۳۶
	۱۹ / ۸۲۶	۱۸ / ۷۹۶	۱۷ / ۷۹۴

اٹھراء کا مستقل علاج

''اٹھراء'' خواتین کا ایک بہت تکلیف دہ مرض ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ خواتین کی ایک بیماری ہے جس میں خاتون کا حمل پیش رفت نہیں کرتا، بچہ دورانِ حمل سے لے کر عمر کے پہلے آٹھ سال کے دوران میں وفات پا جاتا ہے۔ اس کے لئے خاص روحانی علاج حاصل کریں اور اٹھراء سے نجات پائیں۔

تین دن والا استخارہ کا عمل

اگر کسی کو اللہ تعالیٰ سے کسی معاملے میں مشورہ (استخارہ) کرنا ہو کہ یہ کام کرنا چاہیے یا نہیں تو تین (3) دن پر مشتمل مجرب استخارے کا عمل حاصل کریں۔

جادو سے نجات

جادو سے نجات حاصل کرنے کا خاص علاج۔ اس علاج میں مریض کے لیے پانی پر عمل پڑھ کر دم کر کے دیا جاتا ہے۔ اس لیے یہ علاج وہی حاصل کریں، جو روحانی علاج گاہ آ کر پانی دم کروا سکیں۔

شادی ہونے کی خاص لوح

شادی میں آسانی کے لے ایک خاص لوح ہے۔ ایسے تمام مرد و خواتین جو شادی کے معاملات میں پریشان ہیں اور چاہتے ہیں کہ کسی بھی جگہ رشتہ ہو جائے تو وہ اس خاص لوح سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ لوح بندش رشتہ و بندش شادی کا علاج نہیں ہے۔ لہٰذا صرف وہی افراد رابطہ فرمائیں، جو اس بات کی تسلی کر چکے ہوں کہ کسی قسم کی بندش نہیں ہے۔

ڈاکوؤں سے حفاظت

ایسے تمام افراد جن کو یہ ڈر ہو کہ سفر میں یا ان کی جگہ پر سے ڈاکہ پڑ سکتا ہے تو وہ اس خاص وظیفے اور تعویذ کو حاصل کریں۔ ان شاء اللہ، جس کے پاس یہ تعویذ ہوگا یا جس جگہ رکھا ہوگا، وہاں ڈاکہ نہیں پڑے گا۔

آسیبی امراض سے نجات

آسیبی اثرات سے پیدا شدہ ہر قسم کے امراض سے نجات حاصل کریں۔ صرف ایک ہفتے کے علاج سے واضح فرق پڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ شرط یہ ہے کہ وہ مرض آسیبی اثرات کی وجہ سے پیدا ہوا ہو۔

ہر طرح کے شر سے حفاظت

ایک خاص تعویذ ہے جو اسلامی مہینے کی نوچندی جمعرات کو بنایا جاتا ہے۔ جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ہر طرح کے شر سے حفاظت ہو اور اللہ تعالیٰ حفظ و امان میں رکھے تو وہ اس تعویذ سے فائدہ اٹھائیں۔

حاجت پوری ہونے کا مجرب عمل

اگر کوئی ایسی بڑی حاجت ہو جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو تو ایک ماہ پر مشتمل اس خاص عمل کو کرنے سے ان شاء اللہ، حاجت پوری ہوگی۔

نوٹ: یہ تمام روحانی خدمات صرف اگست ۲۰۲۲ء کے لیے ہی ہیں۔ رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے روحانی علاج منگوائیں۔ ایک فرد کے لیے ایک کوپن استعمال کریں۔ صرف صاحبِ معاملہ ہی رابطہ فرمائیں۔ نامکمل کوپن، ایک سے زائد افراد کے لیے یا پھر شرائط پر پورا نہ اترنے والوں کو روحانی علاج بھیجنے سے معذرت۔ تعویذات کی تعداد محدود ہوتی ہے۔ اس لیے ختم ہونے پر دوبارہ تیار نہیں کیے جاتے۔ مکمل شرائط پڑھ کر ہی روحانی علاج منگوائیں۔

شرائط کے لیے www.darulamal.org/ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0342-7772772
0324-7772772 | 042-35410586
darulamal.org/ruhaniilajgah | ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah

درودِ ابراہیمی کی خاص زکات

حکیم پیر عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

ارشاد نبوی ﷺ ہے، حضور ﷺ نے فرمایا جو اس درود شریف کو پڑھے گا، قیامت کے دن اس کی شفاعت مجھ پہ لازم ہے۔

طریقہ زکات: درود پاک کے آداب کو بجالاتے ہوئے اس کی زکوۃ تین (3) چلوں میں ادا کی جائے گی۔

پہلا چلّہ: اکتالیس (41) دن کرنا ہو گا۔ روزانہ درود پاک تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں۔ نوچندی شبِ جمعہ سے عمل کی ابتداء کریں۔ پڑھائی ذکر اندھیرے میں اور آنکھیں بند کر کے پڑھیں گے اور ذہن میں رکھیں کہ میرا درود پاک نبی کریم ﷺ کی بارگاہ ناز میں فرشتے پیش کر رہے ہیں۔ اگر یہ تصور کر سکیں تو خوب کہ جناب سرکار دو عالم ﷺ خود سماعت کر رہے ہیں اور عنقریب اس بارگاہ عالی سے مجھ گناہ گار پہ عنایت اور بخشش کا سلسلہ جاری ہوا چاہتا ہے اور میرا سینہ حضور اکرم ﷺ کی محبت سے بھر رہا ہے۔

دوسرا چلّہ: ایک دن چھوڑ کر دوسرے چلّے کی نیت کر لیں۔ یہ چلّہ نوے (90) دن پر مشتمل ہو گا۔ روزانہ کی پڑھائی ایک سو اکیس (121) بار ہے۔ اگر طاقت ہو تو دو سو دو (202) بار پڑھیں۔

تیسرا چلّہ: ایک دن چھوڑ کر تیسرے چلّے کی نیت کر لیں۔ روزانہ کی پڑھائی ایک سو ایک (101) بار ہے اور مدت چلہ ایک سو بیس (120) دن پر مشتمل ہے۔ آخری دن نیاز ختم شریف دیں۔ بس آپ کا عمل مکمل ہو گیا۔ اب روزانہ ایک تسبیح مقررہ وقت پر پڑھیں۔

نوٹ: تینوں چلّے آنکھ بند کر کے درود پاک کا ذکر کریں گے۔ آنکھوں پر کپڑا بھی لپیٹ سکتے ہیں۔ اس طرح ذکر سے حجاب قلبی روحی کھل جاتے ہیں اور وہ فیوض و برکات اور انوار حاصل ہوتے ہیں جس کی قدر و منزلت اللہ تبارک و تعالیٰ اور اس کا حبیب ﷺ ہی جانتا ہے۔ کشف کھل جائے گا۔ دورانِ ذکر بے شمار روحانی زیارتیں ہوں گی۔

خاص طریقہ: گیارہ ہزار (11000) بار بعد نماز عشاء اکتالیس (41) دن کا چلّہ ہو گا۔

روحانی پرواز

حکیم پیر عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ

فوائد اور طریقہ: روزانہ کسی وقت تنہائی میں بیٹھ کر چند مرتبہ پوری دعا گا کر، ترنم کے ساتھ پڑھیں۔ پھر چند منٹ پُرسکون ہو جائیں۔ پھر پوری دنیا سے بے نیاز ہو کر آنکھیں بند کر کے دل ہی دل میں اس مذکورہ ورد کو اس انداز سے پڑھنا ہے کہ زبان سے نہ پڑھے، دل سے پڑھے اور اگر زبان حرکت میں آئے تو اس کو تالو سے لگا لیں یا دانتوں کے نیچے دے دیں۔ یہ ورد مستقل پڑھیں اور دل میں اس کو دہرائے۔ چند دنوں میں اس کے اندر نورانیت پیدا ہو گی اور نور کا ایک سمندر ہو گا اور ایسا نور کا سمندر ہو گا کہ خود اس کو پتہ نہیں ہو گا اور ہر جادو یا جناتی طاقت اس سے دور ہو گی۔ پھر اس کی زندگی میں سرور ہو گا، سکون ہو گا، راحت ہو گی، برکت ہو گی، عزت ہو گی، اس کے ہر کام چشم زن میں بن جائیں گے، اس کی ہر مشکل دور ہو گی، ہر پریشانی دور ہو جائے گی۔ اگر اس مشق کو جاری رکھا تو کچھ عرصے کے بعد اس کو کشف شروع ہو گا، ہر شخص کے دل کی دنیا پڑھ لے گا اور قبروں کی دنیا پڑھ لے گا۔ جانوروں کی بولیاں سمجھ لے گا۔ پرندوں کی بولیاں سمجھ لے گا۔ پتھر کیا ذکر کرتے ہیں؟ اس کو سمجھ آ جائے گی۔ مختلف چیزیں، مختلف نظام کیا کیا ذکر کرتے ہیں؟ ہر چیز کی سمجھ آ جائے گی۔ اس کی دل کی دنیا آباد ہو گی۔ اس کی روح کی دنیا آباد ہو گی۔ ہر وقت اس کا دل، اس کی روح، زندہ و تابندہ رہے گی، جو اس نے کبھی سوچے نہیں ہوں گے۔

سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ...... کشف القبور کے لیے، کشف الصدور کیلئے بھی بہت ہی حیرت انگیز چیز ہے۔ اس دعا میں بہت طاقت اور تاثیر ہے لیکن اجازت مرشد کامل شرائط ہے۔

جادو، جنات سے نجات کے مجرب عملیات

مولانا اعجاز احمد خان سنگھانوی مدظلہ (کراچی)

جادو، سفلی، جنات کے اثرات سے نجات

جو شخص باوضو گیارہ (11) بار روزانہ صبح ناشتہ سے قبل سورۂ مزمل پڑھ کر ایک بوتل میں پانی بھر کر اس بوتل پر دم کر کے مریض کو نہار منہ ناشتہ سے قبل پلادے۔ چالیس (40) دن یہ عمل مسلسل بلاناغہ کرلے اور اول و آخر درود شریف نماز والا ضرور پڑھے۔ تین تین (3-3) بار پڑھے تو بہتر ہے۔

سورۂ مزمل پارہ ۲۹ رکوع ۱۳ پر ہے، وہاں سے دیکھ کر پڑھ لیا کرے۔

اگر زبانی یاد ہے تو زبانی پڑھ لیا کرے۔

جنات، سحر، سفلی، جادو، بھوت پریت سے نجات حاصل ہو

پہلے باوضو ایک مرتبہ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے۔ اس کے بعد اول گیارہ (11) بار درود شریف نماز والا پڑھے۔

پہلے پارہ کی آیات سحر یہ ہیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۟ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ (البقرہ: ۱۰۲۔۱۰۳)

سورۂ یونس کی دو آیتیں یہ ہیں:

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ (یونس: ۸۱۔۸۲)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَاُلْقِىَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ (اعراف: ۱۱۸ تا ۱۲۱)

ایک آیت سورۂ طٰہٰ کی وَاَلْقِ مَا فِىْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ (طٰہٰ: ۶۹)

ان تمام آیات کو چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے پاک مصلے پر قبلہ رخ باوضو بیٹھ کر لکھے اور اس کے بعد لوبان اور اگر بتی کی دھونی دے کر پانی کی بالٹی میں دھولیا جائے۔ بقیہ دھواں مریض اپنے بدن پر لیتا رہے۔ بعد میں اس پانی سے تین (3) کام لئے جائیں۔

۱...... ایک بوتل اتنی بڑی ہو کہ اس کا پانی دس (10) رات تک پلانے کے کام آسکے۔

۲...... مکان کے کمروں کے تمام کونوں میں چھینٹے لگانے ہیں۔ بیت الخلاء اور گندی جگہ اور غسل خانے میں پانی نہ چھڑکا جائے۔

۳...... بقیہ پانی سے مریض کو غسل دے کر تیار شدہ تعویذ گلے میں ڈالنا ہے۔

تعویذ کو ایک مرتبہ گلے میں ڈال دیا جائے تو نہ نکالا جائے۔ تعویذ موم کا کپڑا لپیٹ کر کالے چمڑے میں کالی ڈوری لگوا کر گلے میں ڈال دیا جائے۔ نہاتے وقت اس پر پلاسٹک کی تھیلی لپیٹ دی جائے تاکہ تعویذ پانی سے محفوظ رہے۔ مریض جب نہانے لگے تو وہ پاک ہو، احتلام یا مباشرت سے ناپاک ہو گیا ہو تو پہلے حلق تک پانی پہنچائے اور دونوں کان میں انگلی تر کر کے تمام کانوں کے اندر گھمائے اور تمام بدن پر پانی بہائے اور وہاں سے پیر دھو کر باہر نکل آئے اور پھر یہ سحر جادو کا غسل کرے۔

جھوٹا اٹھرا... سحری اٹھرا

محمد جاوید قادری

جس عورت کو اکثر حمل قرار پا جانے کے بعد بار بار ساقط ہو جاتا ہو اور اس کی کوئی طبی یا معقول وجہ نہ نظر آتی ہو بلکہ طبی لحاظ سے وہ ہر طرح تندرست و توانا ہو تو اس کو جھوٹا اٹھرا کہتے ہیں جو صرف دکھلاوے کا سحری حمل ہوتا ہے اور اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔

اس کے علاج کے دو مجرب طریقے درج ذیل ہیں:

عمل نمبر 1: ذیل کا عمل بھی بے حد آزمودہ اور مجرب بزرگان عظام ہے۔اس مقصد کے لئے مریضہ کے قد کے برابر سوتی سرخ رنگ کا ڈورا لیں۔اس کے برابر سات (7) ڈورے یکجا کر لیں۔ان ڈوروں پر سات (7) گرہیں اس طریقے سے لگائیں کہ ہر مرتبہ، ایک سو (100) مرتبہ سورۃ کافرون اور سات (7) مرتبہ آیت مبارکہ: وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿١٢٧﴾ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّالَّذِينَ هُمْ مُّحْسِنُونَ ﴿١٢٨﴾ (النحل: ۱۲۷-۱۲۸)

یہ گنڈہ تیار ہو جائے گا۔اس گنڈے کو مریضہ کے گلے میں اس وقت ڈال دیں، جب حمل ایک ماہ کا محسوس ہوتا ہو۔بچوں کو شیرینی نیاز خواجہ معین الہند رحمہ اللہ حسب توفیق تقسیم کر دیں۔

بیوی کو روزانہ صبح و شام سورۃ کافرون اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پانی بھی پلایا کریں۔

اس کے علاوہ چار انچ مربع ہلدی رنگ کے سوتی کپڑے کی ایک پٹی لیں۔اور اس پر ذیل کا طلسم کالے مارکر سے بنائیں۔اس پٹی کو غسل خانہ میں جا کر ایسی عورت سات (7) یوم تک مسلسل اپنے رحم اور شرمگاہ کے اوپر لکھائی والی طرف سے اچھی طرح پھیرے اور سات (7) یوم کے بعد اس کی بتی بنا کر اس کو کوئلوں پر اس طرح جلائے کہ اس کی دھونی اس کی شرمگاہ پر پڑے۔ جب یہ مکمل طور پر جل کر راکھ ہو جائے تو اس کو اور آگ کو گندی نالی میں بہا دے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت جھوٹے اٹھرا کا معاملہ ختم ہو کر حقیقی حمل ٹھہرے گا اور بفضلہٖ باری تعالیٰ اولاد سے فیض یاب ہوں گے۔

عمل نمبر 2: سحری اٹھرا کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بھی بے حد مفید اور نافع ہے۔اس مقصد کے لئے عورت اور مرد، دونوں جمعہ کے روز روزہ رکھیں۔ جب عورت حیض سے پاک ہو چکی ہو تب یہ کام عروج ماہ قمر میں کیا جائے۔ بوقت افطار روزہ شکر بادا چم سے افطار کریں اور اس وقت پانی بالکل استعمال نہ کریں۔ بعد از ادائیگی نماز مغرب، شیشے کی پلیٹ یا طشتری پر سورۃ مریم کی آیت مبارکہ ذیل شہد سے لکھیں۔اسے میٹھے پانی سے دھو کر اس پانی کو اکٹھا کر لیں۔اب چوبیس (24) عدد مٹر کے دانے لے کر ہر مٹر پر مرد اور عورت علیحدہ علیحدہ انہی آیات مبارکہ کا ایک ایک (1،1) مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور پھر ان مٹروں کو شہد کے اسی پانی میں جوش دے لیں۔اب اس پانی پر دونوں میاں بیوی ایک ایک (1،1) مرتبہ سورۃ مریم پڑھ کر دم کریں اور اس پانی میں قدرے انگوری سرکہ ملا کر اس کو نصف مقدار میں دونوں میاں بیوی پی لیں۔ پھر پاک صاف بستر پر دونوں سو جائیں۔

نصف رات گزرنے کے بعد مرد اپنی عورت سے جماع کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی سات (7) یوم کی مداومت سے بفضلہٖ باری تعالیٰ سحری اثرات کا خاتمہ ہو کر حمل برقرار پائے گا۔

نوٹ: سورۃ مریم پڑھتے ہوئے اول و آخر درود پاک ذیل سات سات (7،7) مرتبہ ضرور پڑھیں اور بعد از حصول گوہر مراد آٹھ (8) (بقیہ ص 47)

ہمزاد کے عامل کیلئے خصوصی ہدایات

ملازم حسین (اسلام آباد)

ہمزاد کے اعمال کرنے سے قبل جن باتوں کا جاننا ضروری ہے، ان کو وضاحت سے لکھ رہا ہوں تاکہ کوئی بھی نکتہ پوشیدہ نہ رہے۔ اگر عامل دی ہوئی ہدایات پر عمل کرے گا تو ان شاء اللہ، اسے کبھی بھی ناکامی نہ ہوگی۔ اور وہ رجعت سے بھی محفوظ رہے گا۔

۱ ہمزاد کے اعمال کرنے سے قبل کسی میٹھی چیز پر فاتحہ دلا کر وہ چیز چھوٹے بچوں میں تقسیم کردیں۔ اور کامیابی عمل کی دعا کریں۔

۲ ہمزاد کے اعمال عموماً نوچندی جمعرات سے شروع کیے جاتے ہیں۔ اکثر لوگ نوچندی جمعرات کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ مثلاً آج چاند کی یکم دو تین تاریخ ہے اور جمعرات کا دن ہے تو یہ نوچندی جمعرات نہ ہوگی۔ اس سے آگے آنے والی نوچندی جمعرات ہوگی۔

۳ ان اعمالوں کو کرنے کیلئے پہلے علیحدہ کمرے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کمرہ مخصوص ہو، جہاں پر عمل کے شروع سے لے کر تا اختتامِ عمل کوئی دوسرا شخص ہرگز داخل نہ ہو۔

۴ ہمزاد کے اعمال میں ہر طرح کا چھوٹا گوشت، کچی لہسن پیاز، دودھ، انڈہ، مچھلی اور جماع سے قطعی پرہیز ہوتا ہے۔

۵ عمل کرنے سے قبل صاحبِ عمل یا کسی عامل کامل سے اجازت لینی شرط ہے تاکہ رجعت کا خوف نہ رہے۔

۶ ہر عمل کی معیاد مقرر ہوتی ہے۔ بعض اوقات عامل کی اندرونی قوتوں کی کمی کی وجہ سے دن زیادہ لگ جاتے ہیں۔ اس لئے اگر ایک چلّے میں کامیابی نہ ہو تو اس کو دوبارہ کرنا چاہئے۔ ہر انسان میں قوتیں یکساں نہیں ہوتیں۔ کسی میں کم، کسی میں زیادہ۔ یہی وجہ ہوتی ہے کہ بعض لوگوں کو پہلے دن سے ہی مشاہدات نظر آنے لگتے ہیں، بعضوں کو دو دو ماہ یا کئی سالوں تک کچھ نظر نہیں آتا۔

۷ دورانِ عمل کئی طرح کے مشاہدات نظر آتے ہیں۔ چاہیے کہ ان کا ذکر بھولے سے بھی کسی سے ہرگز نہ کریں۔ پردہ داری شرط ہے۔

۸ عمل علیحدہ کمرے میں کیا جاتا ہے، جہاں پر کوئی دوسرا شخص نہ ہو۔ کئی لوگوں کی مجبوری ہوتی ہے کہ ان کے پاس علیحدہ کمرہ نہیں ہوتا۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ آبادی سے دور کھلی جگہ پر عمل کریں لیکن اس کی شرط یہ ہے کہ آتے جاتے وقت کوئی شخص آپ کو نہ دیکھے، نہ ہی کسی کو پتہ چلے کہ آپ چلّہ کشی کیلئے جاتے ہیں۔ ورنہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

۹ دورانِ چلّہ جس قدر بھی ہو سکے، تنہائی اختیار کرو۔ لوگوں سے ملنا جلنا بند کردیں۔ اگر انتہائی مجبوری ہے تو پھر کسی سے ملنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

۱۰ دورانِ چلّہ کسی بھی سائل کو تعویذات لکھ کر مت دیں۔ اگر کوئی آسیبی مریض آپ کے پاس آجائے تو اس کا علاج مت کریں، ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

۱۱ عمل کے لیے جو کمرہ مخصوص کیا ہے، اس کو ہرگز تبدیل نہ کریں۔ اگر تبدیل کریں گے تو چلّے کو بیکار جانو! اس طرح جو وقت پڑھائی کا مقررہ ہے، اس میں بھی کمی بیشی نہ ہونے پائے۔ کیونکہ روحانیت مقررہ وقت پر حاضر ہوتی ہے۔ اگر وقت آگے پیچھے ہوجائے تو پھر روحانیت بیزار ہوجاتی ہے۔

۱۲ اگر دورانِ چلّہ ہمزاد حاضر ہو تو اس سے بات چیت مت کریں، جب تک چلّے کا اختتام نہ ہو۔ ورنہ بعد میں سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ مکمل احتیاط کریں۔

۱۳ اگر گھر میں کوئی شخص آسیبی مریض ہے تو اس جگہ پر عمل مت کریں ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے۔

عمل کون نہ کرے؟

۱ فعل حیوانی کے عادی شخص کو عمل نہیں کرنا چاہئے کیونکہ عمل کے دوران قطعی پرہیز رہے گا۔

۲ ایسے لوگ جن کے دل کمزور ہوں، ان کو بھی (بقیہ ص 47)

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے نورانی اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3iz7zfH

ماہنامہ خزینہ روحانیات
26
اگست 2022ء
روحانی تیل (5)
برائے
اعصاب
قیمت: 400 روپے
50ml
کوئی وعدہ نہیں
کوئی دعویٰ نہیں
● جادو جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے ● جادو جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ● جادو جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ● چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے ● متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے ● مستقل ریاضت کی وجہ سے ہونے والی تمام دردوں تھکاوٹوں کو فی الفور ختم کرتا ہے ● ہر طرح کے اعصابی دردوں میں بہت مفید ہے ● کسی بھی بیماری کی وجہ سے پٹھے کمزور ہو گئے ہوں یا عمر کا تقاضہ ہو تو یہ تیل ایک نعمت سے کم نہیں ہے
شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت
0334-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
ruhanishop
روحانی تیل (6)
برائے
آسیبی مریض
قیمت: 300 روپے
کوئی وعدہ نہیں
کوئی دعویٰ نہیں
● آسیبی اثرات کم ہوں یا زیادہ، ان کو جڑ سے ختم کرتا ہے ● آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر پڑنے والے اثرات ختم کرتا ہے ● آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش ختم کرتا ہے ● آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی جلن ختم کرتا ہے ● آسیبی اثرات کی وجہ سے گرنے والے سر کے بالوں کو روکتا ہے ● آسیبی اثرات کی وجہ سے کانوں میں آنے والی آواز کو ختم کرتا ہے ● یہ تیل خاص کر ان مریضوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے، جن کے اندر حاضری ہوتی ہو، حاضری چاہے کسی بھی مخلوق کی ہو، اس روحانی تیل کے استعمال سے مریض کے اندر وہ مخلوق حاضر ہونے سے گھبرانا شروع ہو جاتی ہے، اس کو بہت تکلیف ہوتی ہے
شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
روحانی تیل (7)
برائے
مرگی، جنون، پاگل پن
قیمت: 530 روپے
کوئی وعدہ نہیں
کوئی دعویٰ نہیں
● یہ روحانی تیل دارالعمل چشتیہ کے عاملین نے خاص کلام دم کر کے تیار کیا ہے جو مرگی کے مریض کے لئے بہت ہی مؤثر و مفید ہے ● جنونی کیفیت میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے ● پاگل پن میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے ● عجیب و غریب حرکات والے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے ● نفسیاتی مریضوں کے علاج کے ساتھ ساتھ یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے ● رجعت کے شکار مریضوں کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے ● عاملین حضرات اپنے مریضوں کو اعتماد سے استعمال کروائیں۔
شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
ruhanishop
روحانی تیل (8)
برائے
دفع جادو بد اثرات
قیمت: 560 روپے
کوئی وعدہ نہیں
کوئی دعویٰ نہیں
جادو مریضوں کیلئے پیام شفا ہے ● جادو کے اثرات کو جسم سے چن چن کر ختم کرتا ہے ● جادو کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے ● جادو کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے ● جادو کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے ● جادو کے اثرات کی وجہ سے سستی اور کاہلی کو جڑ سے مٹاتا ہے ● جادو کے اثرات کی وجہ سے بخار کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے ● ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پر لگانے سے متاثرہ مریضوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے
شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دارالعمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے علوی نورانی اعمال کی تفصیل
https://bit.ly/3qTEJvp

روحانی اور جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج

الشیخ امام جلال الدین حفظہ اللہ

دو شفا بخش آیتیں

حضرت ابو ہریرہؓ سے منقول ہے کہ دو ایسی آیتیں ہیں جو پورے قرآن کے ثواب کا درجہ رکھتی ہیں اور دونوں آیتیں شفا بخشنے والی ہیں اور وہ دونوں ایسی آیتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتے ہیں اور وہ سورۃ بقرۃ کی آخری دو آیتیں ہیں۔ (دیلمی)

زمزم کے پانی پر سورۃ فاتحہ کا پڑھنا

حضرت علامہ ابن قیمؒ سورۃ فاتحہ سے شفاء ملنے کے متعلق اپنا ایک تجربہ ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ مکہ میں رہتے ہوئے مجھ پر ایسا وقت بھی گزرا ہے کہ میں سخت بیمار ہوا اور مجھ کو نہ کوئی طبیب مل رہا تھا اور نہ کوئی دوا، جس سے میں اپنی بیماری کا علاج کرتا۔ آخر کار میں زمزم کا پانی لیتا اور اس پر کئی بار سورۂ فاتحہ پڑھتا، اس کو پیتا تو اس سے مجھے کامل شفاء مل جاتی۔ پھر جب کبھی مجھے کوئی تکلیف لاحق ہوتی تو میں اپنا مذکورہ عمل دہراتا اور اللہ کے فضل سے شفایاب ہو جاتا۔ (زاد المعاد)

مجنون شخص پر پڑھنے کی دعا

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے مجنون شخص کے کان میں یہ آیات تلاوت فرمائی تو اس کو فوری افاقہ ہو گیا۔ یہ دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا؟ تو آپؓ نے جواب دیا کہ یہ آیات پڑھ کر دم کیے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص یہ آیات یقین کے ساتھ پہاڑ پر بھی پڑھ لے تو وہ اپنی جگہ سے ہٹ جائے گا۔ وہ آیات مندرجہ ذیل ہیں۔ (بیہقی، ابن سنی، ابوعبیدہ)

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المومنون:۱۱۵-۱۱۸)

ترجمہ: ...... ”تو کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو یونہی بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے۔ تو خدا جو سچا بادشاہ ہے (اس کی شان) اس سے اونچی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی عرش بزرگ کا مالک ہے اور جو شخص خدا کے ساتھ اور معبود کو پکارتا ہے، جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب خدا ہی کے ہاں ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں پائیں گے اور خدا سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔“

جان کنی کے وقت پڑھنے سے آسانی ہو جاتی ہے

۱...... حضرت ابوذر غفاریؓ سے مروی ہے کہ جب کسی کی موت کا وقت قریب ہو اور اس پر سورۂ یٰسٓ پڑھی جائے تو اس کی روح آسانی سے قبض ہوتی ہے۔ (دیلمی، ابن صبان، ابوالشیخ)

۲...... اور اسی طرح حضرت ابوداؤد، حضرت نسائی، حضرت ابن ماجہ اور عبد اللہ بن مبارک رحمہم اللہ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ اپنے مرنے والوں کے پاس سورۂ یٰسٓ پڑھا کرو۔

دل کی سختی دور کرنے کی دعا

حضرت ابوجعفر محمد بن علیؓ فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنے دل میں سختی محسوس کرے تو اس کو چاہیئے کہ کسی برتن میں پانی اور زعفران سے سورۂ یٰسٓ لکھے، پھر اس میں پانی بھر کر پیا کرے۔ (مستدرک)

تسخیر الخلائق اور کثیر الفوائد خاص خاص اعمال

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ صدر)

تسخیر الخلائق کے لئے

جو لوگ تعویذات کا کام چھوڑنے کا ارادہ کر چکے ہوں، وہ ایمانداری اور سچے دل سے یہ عمل کریں، قدرت روزی کا ذریعہ بنا دے گی، مریض آنا شروع ہو جائیں گے

عبارت عمل: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاجِبْرَائِيْلُ يَادَرْدَائِيْلُ يَارَفْتَمَائِيْلُ يَاتَنْكَفِيْلُ بِحَقِّ يَابُدُّوْحُ

طریقۂ عمل: اگر کوئی عالم دین یا امام مسجد کا خرچ پورا نہ ہو رہا ہو اور تعویذات کا کام ساتھ شروع کر دیا ہو، کسی نے حسد کی وجہ سے کام رکوا دیا ہو یا لوگ غلط لوگوں کے پاس جاتے ہوں اپنے مسائل حل کرانے کے لئے یا بچوں کو دم کرانے کے لئے بے نمازیوں کے پاس جاتے ہوں، یہ عمل مبارک امام مسجد یا عالم دین ہر نماز کے بعد تین سو (300) بار باوضو پڑھنا شروع کر دیں، اول آخر تین تین (3-3) بار درود شریف۔ چند دن کے بعد روحانی علاج کا کام جاری ہونا شروع ہو جائے گا۔ کسی کا دل نہ دکھائیں۔ غلط کام کے لئے تعویذ نہ دیں۔ ناجائز کسی کو مشورہ نہ دیں۔ اگر شریعت پر عمل نہ کریں گے تو چند دن کے بعد کام بند ہو جائے گا۔ خدا کی ناراضگی سے پھر کام مشکل سے چلے گا۔ یہ یاد رکھیں کیونکہ قرآن پاک سیدھی راہ دکھاتا ہے، برے کاموں سے منع کرتا ہے۔

تسخیر خلائق، رجوع خلائق، دکان چلانے، کاروبار چلانے کا عمل مبارک

عبارت عمل: يَامُسَخِّرُ سَخِّرْلِيْ كُلَّ مَخْلُوْقَاتٍ۔

تعداد: دو ہزار (2000) بار۔ [عامل بھی فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔]

طریقۂ عمل: کسی مرد یا عورت نے روزی کمانے کے لئے دکان کھولی ہو، لوگ خریدنے کے لئے کسی اور جگہ جاتے ہوں، دکاندار منافع بھی کم لیتا ہو، دوسرے دکانداروں کی طرح ریٹ بھی درست ہو، گاہکوں سے سلوک بھی اچھا کرتا ہو، خود پانچ وقت کا نمازی ہو اور غربت کی وجہ سے لوگ نفرت کرتے ہوں تو یہ عمل شروع کریں۔ نماز فجر کے بعد دو ہزار (2000) بار یہ پڑھائی شروع کر دے۔ تعداد پوری کرنے کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اپنے مطلب کی دعا کیا کرے۔ غرور کو اپنے نزدیک نہ آنے دے۔ ایک چلّہ کے اندر اپنی آنکھوں سے دیکھے گا دکان چلتی ہے۔ ہر ہفتہ بعد صدقہ دیتے رہیں۔ غریبوں کو کھانا کھلاتا رہے۔ بد دعا نہ لیں۔ مراد تمہاری اس کلام کے پڑھنے سے بر آئے گی۔ ادارہ کے لئے بھی دعا کریں۔ جب اپنے لئے کریں۔

رجوع خلائق اور لوگوں میں باعزت رہنے کے لئے، دل میں محبت پیدا کرنے کے لئے عمل

عبارت عمل: يَاعَزِيْزُ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ بِحَقِّ يَاعَزِيْزُ

عامل حضرات لوگوں میں عزت چاہیں تو کریں۔

طریقۂ عمل: رات سونے سے پہلے اس کلام کو ایک ہزار ایک سو (1100) بار ورد کر کے دعا کیا کریں۔ عزت اور کاروبار میں ترقی خود دیکھیں گے۔ دو نفل جمعہ کے دن تمام مسلمانوں کے گناہوں کی معافی کے لئے پڑھ لیا کریں۔ حسب طاقت صدقہ خیرات جاری رکھیں۔ تجربہ شدہ عمل ہے۔

بقیہ (ص 13): دعائے حزب النصر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

اگر اس دعا کو کسی دشمن کی ہلاکت کے لئے پڑھنا درکار ہو تو اس کا طریقہ مجربات عزیزی میں موجود ہے، اس کے مطابق پڑھ لی جائے۔ مگر یہ عمل وہاں کرے، جہاں شرعاً جائز ہو ورنہ سخت گناہ ہوگا۔

معاشی مسائل کے روحانی حل

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

افلاس و تنگ دستی دور کرنے کا عمل

سورۂ کہف ایک کاغذ پر لکھ کر یا لکھوا کر ایک تنگ منہ کی شیشی میں تہہ کر کے رکھو، گھر میں حفاظت سے۔ گھر کے تمام افراد فقر و فاقہ کی کشاکش سے نجات پائیں گے اور زندگی فارغ البالی سے بسر ہوگی۔

غنی ہونے کے لیے

سورۂ واقعہ کا روزانہ پڑھنا غنی بناتا ہے۔

بے حساب خیر و برکت

اصحاب بدر کی تعداد کے مطابق یعنی تین سو تیرہ (313) مرتبہ آیت الکرسی روزانہ پڑھنے سے بے حساب خیر و برکت حاصل ہوتی ہے۔

حصول کشائش و برکات

اکیس (21) مرتبہ بعد نمازِ صبح سورۂ قدر پڑھنا، موجب کشائش و برکات ہے۔

دوکان کی بِکری کے لیے

کسی نیک آدمی کے کپڑے پر

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ (الحدید:۲۹)

لکھ کر دوکان میں لٹکا دو۔ بکری ہونے لگے گی۔

عمل برائے فراوانی زراعت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۭ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾ (البقرۃ:۲۶۱)

بزرگوں سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی زراعت و باغ وغیرہ کو سرسبز و شاداب اور بار آور دیکھنا چاہتا ہے تو اس کو چاہیے کہ مٹی کے کورے برتن پر لکھ کر اس کے کھیت کے کسی کونے میں دبا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کھیتی خوب پھلے پھولے گی اور بہت فصل ہوگی۔

کشائش رزق کے لیے

بعد نماز فجر و عشاء اکتالیس (41) بار سورۂ فاتحہ پڑھے۔

ترقی دکان کے لیے

یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ	گیارہ (11) مرتبہ
الحمد شریف	تین (3) مرتبہ
سورۂ اخلاص	تین (3) مرتبہ
یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ	گیارہ (11) مرتبہ

مندرجہ بالا عمل پڑھ کر دکان کھولیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عظیم میرا مولا خاص کرم فرمائے گا۔

فراخئی رزق کے لیے

روزانہ بعد نمازِ عشاء مندرجہ ذیل کلمات پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور رزق وافر ملے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ اور ان کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔

۱۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) بار۔

۲۔ یَا کَرِیْمُ یَا وَهَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ ایک ہزار چھیاسٹھ (1066) بار

۳۔ یَا فَتَّاحُ	چار سو نواسی بار (۴۸۹)
۴۔ یَا رَزَّاقُ	تین سو اسی بار (۳۸۰)
۵۔ یَا کَافِیُ	ایک سو گیارہ بار (۱۱۱)
۶۔ یَا مُغْنِیُ	ایک ہزار ایک سو بار (۱۱۰۰)

زوجین میں محبت پیدا کرنے کے روحانی اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

میاں بیوی میں اتفاق

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو تو باوضو سورہ روم کو لکھ کر شیشی میں بند کر کے مظلوم (شوہر/بیوی) اپنے پاس رکھے تو ظالم (شوہر/بیوی) ظلم و زیادتی سے باز رہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دونوں میں اتفاق قائم ہو جائے گا۔

میاں کی محبت یا بیوی کی محبت کا مجرب وظیفہ

"قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا (یوسف: ۳۰)" اور "یَا وَدُوْدُ" کو مغرب کی نماز کے بعد تین سو (300) مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دم کر کے جس کی محبت (شوہر کی محبت مطلوب ہو یا بیوی کی) مطلوب ہو، اس کو کھلایا جائے۔ ان شاء اللہ مطلوب اس کو کھاتے ہی بے قرار ہو جائے گا۔

خاوند بیوی کی محبت کے لیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُّعَطِّرِ الرُّوْحِ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ صَلَاةً تُعَطِّرُنَا بِهَا وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

خاوند یا بیوی کی محبت حاصل کرنے کے لیے صبح و شام ایک سو (100) مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ کر کھانے پر دم کر کے جس کی محبت حاصل کرنا ہو یعنی خاوند یا بیوی، اس کو کھلائیں۔ ان شاء اللہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

زوجین میں محبت

میاں بیوی کی محبت اگر مطلوب ہو تو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران اور گلاب سے درج ذیل آیت لکھے اور طالب اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ العزیز مطلوب راضی ہو جائے گا۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ (الممتحنة: ۷)

و صلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین۔

میاں بیوی میں محبت کا خاص عمل

سورہ الم نشرح سترہ (17) بار، اول و آخر تین تین (3،3) بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے یَا بُدُّوْحُ سات (7) بار پڑھنا ہے۔ ہر آیت پر محبت اور دل کھولنے کیلئے بیوی یا شوہر کا نام لے کر دعا کریں۔ تین (3) دن کا یہ عمل ہے۔ کالی مرچ کے ایک دانے پر دم کر کے آخری دم کے بعد اس کالی مرچ کے دانے کو آگ میں جلانا ہے۔

میاں بیوی میں محبت کا عمل

سورہ یٰسین کے ہر مبین پر حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ چار سو پچاس (450) بار پڑھنا ہے۔ سات (7) دن یہ وظیفہ کرنا ہے۔ عمل کے اول و آخر تین تین (3،3) بار درود شریف لازمی پڑھنا ہے۔

زوجین کے دل میں دوسرے کی محبت پیدا ہو

عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ "یَا لَطِيْفُ" پڑھیں۔ اور پڑھتے وقت یہ تصور کیا کریں کہ اللہ میرے دل میں میری بیوی/میرے شوہر کی محبت ڈال دے، ان شاء اللہ محبت پیدا ہو جائے گی۔

میاں بیوی کے درمیان اختلافات دور کرنے کے لیے

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْۤا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۞ (الروم: ۲۱)

اگر میاں بیوی میں اختلاف ہے اور دونوں کی آپس میں محبت نہیں ہے تو مذکورہ آیت کو مسلسل تین (3) دن تک ننانوے (99) مرتبہ کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھائیں تو ان شاء اللہ اختلاف دور ہو جائے گا اور دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی۔

بندش کے خاص منتر

فیصل حمید نقشبندی صفدری

کسی مرد کو بستہ کرنا (بندش مردمی)

منتر: جل بست ماہیان ت درد دریابست داہان زیر زمین بست سید سلیمانؑ بن داؤدؑ زبر جد بست پائے شہوۃ مرد عورت بست۔

چاند کے آخری پندرہ (15) دن روزانہ پندرہ ہزار (15,000) بار پڑھیں۔ بعد پندرہ (15) روز صاحب زکوۃ ہوں گے۔ پھر قبر کی مٹی پر ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھ کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر اوپر اس مرد یا عورت کا کپڑا لپیٹ دیں اور قبر کے سرہانے کی طرف دفن کر دیں۔ جب تک وہ کپڑا کھول کر مٹی نا نکالیں گے، وہ عورت یا مرد قادر نہ ہو سکیں گے۔

بندش ہر کاریہ مجرب

منتر: اگ بدھاں اگ لاٹ بدھاں بدھاں اگ دی تاراں، سولال خواجے پیر نال ٹھار دے ٹھنڈیاں تاراں، چارے اتوار بدھاں بدھاں رام دھائی ایسی باندھنی بدھان جیسے لچھو رام کی باندھنی ٹھک ٹھک دا لو ہار بدھاں ہت تے کراو بدھاں (واندے کھو دا نگال بدھاں) رنڈی دی لکھ بدھاں مرچ دی ساڑ بدھاں پھرے منتر ایشر مہادیو تیری باچہ پھرے، کم سوئی اللہ تے پیر استاد دستگیر آپ کرے۔

اینٹوں کے بھٹے سے پرانی کنکریاں سات (7) عدد لے کر ہر کنکری پر اکتالیس (41) مرتبہ پڑھے یا چوراہے کی خاک پر پڑھ کر ڈال دیں۔ واندے کھو دا نگال کی جگہ جس چیز کو باندھنا ہے، اس کو لکھیں۔ بہت مجرب عمل ہے۔

کنواری لڑکی باندھنا

منتر: انکر سنکھر ساری بنھاں برما کا چوک بنھاں چلدا پونڈ بنھاں کنواری کا دودھ بنھاں جلدی بنھاں بلدی بنھاں میری بدھی کون چھڑوائے چھڑوائے ہنومت ویر، ویکھاں مولا مشکل کشاء تیری چڑھائی دا تماشہ۔

پانچ (5) تسبیح بعد عشاء اکتالیس (41) دن کریں، عامل ہوگا۔ اس کے بعد مطلوبہ عورت لڑکی کی تصویر، کپڑا، بال، پاؤں کی مٹی، خون...... کسی چیز پر بھی پانچ (5) تسبیح پڑھ کر اُس کی گزرگاہ میں دفن کر دیں۔ بناں چلّے کے عمل کرنا ہو تو 7-11-21 دن تصور کامل کے ساتھ پڑھیں، کام ہوگا۔

بندش نوری

منتر: لا الہ بند کر الا اللہ تنگ کر یا رسول اللہ میں غریب کا سنگ کر گڑ مین کی بیٹی گڑ مین کی سالی پیٹ لگن چھریاں ہتھوں مارے تالی آسمان کی مٹی دھرت کی چھائی فلاں کو بند کر دے جناب پیر دستگیر کی دوھائی۔

اس عمل سے مخالف دشمن پر ہر طرح کی بندش لگ جاتی ہے۔ رزق روزی سب بند اور جنات آسیب اس کے گھر پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ قبرستان کی مٹی لے کر اس پر سات (7) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کے گھر پھینک دیں۔

اس عمل کو کبھی بھی غلط یا ناجائز نہ کرنا ورنہ ایسی رجعت ہوگی کہ ساری زندگی اُس کا علاج نہ ہوگا۔ یاد رکھنا! کبھی کمزور پر ظلم نہ کرنا ورنہ اللہ تعالیٰ کی لاٹھی اسے برسے گی کہ بس مت پوچھو۔

ضروری وضاحت: منتروں کے اعمال...... عوام کے لیے نہیں ہوتے، صرف عاملین ہی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ عقیدہ یہی رکھیں کہ یہ ایک تدبیر ہے، نتیجہ اللہ جل جلالہٗ ہی مرتب فرماتے ہیں۔ اجازت کے لیے روحانی درس گاہ کے نمبر پر رابطہ کریں۔ 03337772775

نظرات سیارگان کے اعمال

بقیہ (ص 40):

یا کوئی شریف انسان کے گھر میں بدچلن عورت ہو اور وہ اس سے جان چھڑوانا چاہتا ہو۔ الغرض طلاق، جدائی اور بری عادات چھڑوانے کیلئے ایک بہترین تحفہ ہے۔ یہ نقش آک کے پتوں پر لکھنا ہے۔ آک کے 13 پتوں پر یہ نقش لکھنا ہے۔ لکھ کردہ پتے کسی بھی نحس ساعت میں جلا کر اس کی راکھ ہوا میں اڑا دے یا بکھیر دے۔

۷۷۷۸	۷۷۷۱	۷۷۷۶
۷۷۷۳	۷۷۷۵	۷۷۷۷
۷۷۷۴	۷۷۷۹	۷۷۷۲

نیچے دونوں کے نام مع والدہ اور مقصد لکھے

تین دن میں بے شمار اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

ہر سال کی طرح امسال بھی ۶/۷/۸ صفر المظفر ۱۴۴۴ھ کو سالانہ روحانی اجتماع منعقد ہوگا (ان شاء اللہ) جس میں بے شمار اعمال کی صرف تین (3) ہی دنوں میں ریاضتیں کروائی جائیں گی۔ تین (3) دن میں جو ریاضت کروائی جاتی ہے، وہ چالیس (40) دن والی ریاضت کے برابر نہیں ہوسکتی۔ لیکن ان تین (3) دنوں میں کیے جانے والے اعمال سے ایک سال تک بھرپور فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

فیس والے باموکل اعمال

باموکل اعمال میں سخت پرہیز کروایا جاتا ہے۔ ان اعمال کو کرنے والوں سے گذارش ہے کہ صرف وہ افراد عمل کریں، جنہوں نے باموکل عمل سے پہلے اسی عمل کا سادہ عمل کیا ہوا ہو، ورنہ کامیابی 100% یقینی نہیں۔

سورۂ مزمل باموکل کا بڑا عمل

تمام دینی اور دنیوی مقاصد کے حصول، بڑے بڑے جنات وجادوگروں سے جنگ کیلئے۔

سورۂ فیل باموکل کا بڑا عمل

ہر طرح کے دشمن سے حفاظت اور دشمن کی تباہی کیلئے۔

سورۂ اخلاص باموکل کا بڑا عمل

ہر جائز کام کیلئے۔

آیت الکرسی باموکل کا بڑا عمل

بڑے اور عامل جنات وشیاطین سے نجات وحفاظت کیلئے۔

آیتِ قطب باموکل کا بڑا عمل

سخت قسم کے جادو، جنات اور مشکلات سے نجات اور جمیع امور کیلئے۔

چہل کاف باموکل کا بڑا عمل

ہر قسم جادو، جنات، دشمن، جادوگروں سے نجات کیلئے۔

فیس والے نورانی اعمال

نورانی اعمال میں بھی سخت پرہیز کروایا جاتا ہے۔ البتہ یہ اعمال ہر کوئی کرسکتا ہے، سوائے آخری دو اعمال کے۔

سورۂ جن کا بڑا عمل

بڑے اور سخت قسم کے جنات کا مقابلہ کرنے کیلئے۔

سورۂ مزمل کا بڑا عمل

تمام دینی اور دنیوی مقاصد کے حصول کیلئے۔

معوذتین کا بڑا عمل

ہر طرح کے جادو اور بندش سے نجات کیلئے۔

منزل کا بڑا عمل

مختلف بیماریوں، جادو اور جنات سے نجات کیلئے۔

اُمنت باللہ کا بڑا عمل

عمل "اُمنت باللہ" کی روحانی طاقت بڑھانے کیلئے۔ صرف روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ "اُمنت باللہ" کے عاملین کیلئے۔

حصارِ قرآنی کبیر کا بڑا عمل

عمل "حصارِ قرآنی کبیر" کی روحانی طاقت بڑھانے کیلئے۔ صرف روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ "حصارِ قرآنی کبیر" کے عاملین کیلئے۔

فیس والے علوی اعمال

چہل کاف کا بڑا عمل

عمل "چہل کاف" کی روحانی طاقت بڑھانے کیلئے۔ صرف روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ "چہل کاف" کے عاملین کیلئے۔

نورانی مندرے کا بڑا عمل

ہر قسم کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے اعمال کو واپس کرنے اور امراضِ جسمانی کے علاج کیلئے۔

مندرہ کبیر کا بڑا عمل

بڑے سے بڑے جادو اور جنات سے مقابلے کیلئے۔

عمل باندھ جادو کا بڑا عمل

ہر قسم کے جادو، ٹونے، ٹوٹکے، منتر وغیرہ کو باندھنے کیلئے۔

عصائے کلیم اللہ کا بڑا عمل

جادو اور جنات سے نجات کیلئے۔

اعمال لینے کی شرائط

اعمال کے حصول کیلئے درج ذیل شرائط پوری کرنا لازمی ہیں۔

٭ اجازت لینے والے کا روحانی درسگاہ میں داخلہ لینا ضروری ہے۔

تین دن میں بے شمار اعمال

کے عامل بننے کا سنہری موقع

ہر سال کی طرح اس سال بھی ۶/۷/۸ صفر المظفر ۱۴۴۴ھ کو سالانہ روحانی اجتماع منعقد ہوگا (ان شاءاللہ) جس میں بے شمار اعمال کی صرف تین (3) ہی دنوں میں ریاضتیں کروائی جائیں گی۔ تین (3) دن میں جو ریاضت کروائی جاتی ہے، وہ چالیس (40) دن والی ریاضت کے برابر نہیں ہوسکتی۔ لیکن ان تین (3) دنوں میں کیے جانے والے اعمال سے ایک سال تک بھرپور فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

بغیر فیس والے

اعمال کی تفصیل

1۔ عوام کے لیے

درج ذیل عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

۱۔ آیت الکرسی۔ ۲۔ بنیادی حصار۔ ۳۔ معوذتین۔ ۴۔ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل۔ ۵۔ سورۂ فاتحہ۔ ۶۔ عملِ حفاظت "یاحافظ یاحفیظ"۔ ۷۔ عمل فراخی رزق۔ ۸۔ درود ابراھیمی۔ ۹۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ۱۰۔ سلام قولا من رب رحیم۔ ۱۱۔ آیت کریمہ۔ ۱۲۔ عملِ محبت "یالطیف یاودود"۔ ۱۳۔ عملِ زبان بندی۔ ۱۴۔ درود تنجینا۔ ۱۵۔ دعائے حزب البحر۔ ۱۶۔ دعائے حزب النصر ۱۷۔ سورۂ ناس (خاص طریقہ)

خزینۂ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبرشپ

ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے۔

۱۔حصار (خاص عمل)۔۲۔لاحول ولاقوۃ الا باللہ۔۳۔منزل (درجہ اول) ۴۔آیاتِ شفاء۔۵۔تسخیرِ خلائق کا خاص عمل۔۶۔درودِ خضری۔۷۔سورۂ یٰسین۔۸۔سورۂ واقعہ کا خاص عمل۔۹۔سورۂ مزمل کا خاص عمل

3۔علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔عالم ہونے کا ثبوت دینا لازمی ہے۔اپنی سند فراغت کی کاپی ارسال کریں یا لائیں۔

۱۔آیت الکرسی (درجہ دوم)۔۲۔معوذتین (درجہ دوم)۔۳۔منزل (درجہ دوم)۔۴۔نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)۔۵۔قصیدۂ طوبیٰ۔۶۔قصیدۂ حسنیٰ۔۷۔اسمِ ذات کا خاص عمل۔۸۔عمل تہدیدی نامہ مبارک۔۹۔جادو اور جنات کا علاج اور ان سے حفاظت کا خاص رقیہ

4۔روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔درج ذیل اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔

۱۔ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل۔۲۔آیت کریمہ کا خاص عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لے کہ وہ اس زمرے میں آتا ہو، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔

اعمال کرنے کی شرائط و ہدایات

عمل/اعمال کرنے کیلئے درج ذیل شرائط پوری کرنا لازمی ہیں۔

** اجازت کیلئے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن، جس پر "تین یوم کے اعمال کی اجازت" لکھا ہے، وہ ارسال کرنا لازمی ہے۔

** بیرون ملک سے شائقین، رسالے کو ڈاؤنلوڈ کریں اور آخری صفحے کو پرنٹ کر کے کوپن پُر کریں اور اس کی تصویر واٹس ایپ یا ای میل کریں۔

** روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے بھی کوپن ارسال کرنا ضروری ہے۔

** اعمال کیلئے ہمارے اجتماع میں آنا لازمی نہیں۔ ہر کوئی اپنی جگہ پر اجازت لے کر عمل کر سکتا ہے۔مسجد میں تین (3) دن کا اعتکاف کرنا اور روزہ رکھنا ضروری ہے۔جو یہ شرط پوری نہیں کر سکتے، وہ رابطہ نہ فرمائیں۔

** خواتین گھروں میں تین (3) دن روزہ اور اعتکاف کر کے عمل کر سکتی ہیں۔

** کوشش کریں کہ اجازت جلد از جلد حاصل کریں تاکہ عین وقت پر کوئی مسئلہ نہ ہو۔یکم صفر سے پہلے کوپن مع درخواست کا پہنچنا ضروری ہے۔

** ادارہ کسی بھی درخواست کو رد کرنے کا پورا اختیار رکھتا ہے۔

** ایک وقت میں کتنے عمل کیے جا سکتے ہیں؟ اس کا فیصلہ روحانی درسگاہ کے ناظم یا نائب ناظم کریں گے۔ وہ عمل کرنے والے کے لحاظ سے جواب دیں گے۔ سب کی ایک جیسی روحانی طاقت نہیں ہوتی۔بعض لوگ ایک ہی وقت میں زیادہ عمل کر سکتے ہیں اور بعض لوگ دو یا تین سے زیادہ عمل نہیں کر سکتے۔

لوحِ زحل

(لائف ٹائم فوائد کی حامل لوح)

دارالعمل چشتیہ کی سالہا سال کی محنت پر تیار کردہ مجرب لوح

قیمت -/3000 روپے

استحکام و جمعیت کی روحانیت، تسخیر سلطنت و فتوحات، ناموری، حکمت اور قیام و استحکام مرتبہ کے لئے موثر لوح

لوح زحل کے خواص مندرجہ ذیل ہیں ❶ نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے ❷ نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کیلئے لوح بے انتہا موثر ثابت ہو گی ❸ تسلط بر خلق اور استحکام کیلئے کہ تنزلی نہ ہو ❹ حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام رہے۔ ❺ تعمیر مکان کے وقت اگر بنیاد میں رکھیں تو مضرات سے محفوظ اور مکینوں کیلئے خوشحالی رہے ❻ خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی اور الیکشن میں کامیابی کیلئے ❼ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں یا جن کے ماتحت بہت ملازمین کام کرتے ہوں اور وہ چاہتے ہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق رہے تو یہ لوح ان کیلئے بے حد موثر ثابت ہوگی۔ ان شاءاللہ

دارالعمل چشتیہ کی سالہا سال کی مجرب لوح جس نے تجربہ کیا خوب فائدہ اٹھایا

لوح شرف مشتری

سپیشل دھات پر تیار کردہ

قیمت 3000 روپے

حصول مال و دولت اور اسباب مال و کشائش رزق

مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے۔ ہر شخص کو زندگی کی عام مالی سعادتیں دیتا ہے۔ کاروبار میں منافع لاتا ہے۔ مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید، انتہائی سعد اور پُر تاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔ اسے پہنئے اور تمنا دل میں قائم کر کے دعا کیجئے، پہنے رہیے۔ ان شاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لیے جو اسباب بھی کریں گے ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی، ان شاءاللہ تعالیٰ۔

اس اقتصادی بدحالی کے دور میں اسے اپنے پاس رکھیئے ورنہ حال کے تقاضوں کے ساتھ نہ چل سکیں گے۔

لوح شرف مریخ

لوح شرف مریخ حصول قوت و شجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ بر اعداء، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں و آسیب سے تحفظ کیلئے موثر ترین ہے۔

لوح شرف مریخ مقدمات میں فتح یابی، دشمنان سے تحفظ اور فتح و نصرت کے لئے بڑی کارآمد ہے۔ جن میاں بیوی میں تفرقہ ہے۔ یا کسی بڑی جماعت میں عرصہ سے دشمنی و خصومت چلی آرہی ہے۔ یا کسی کو کسی دشمن کا خوف و اندیشہ ہے۔ یا کسی میدان جنگ یا خطرناک مقام پر جانے کا خوف ہے۔ یا کسی بڑی جماعت پر فتح پانی مقصود ہے اور اس سے حفاظت بھی درکار ہے یا مقدمہ میں فتح پانا ہے تو ان تمام مقاصد کے لیے لوح شرف مریخ نہایت قوی الاثر ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل و خوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پا سکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ امراض میں لقوہ۔ قولنج۔ رعشہ اور بلغمی مزاج کیلئے بھی مفید ہے۔ ان شاءاللہ

ھدیہ 3000 روپے علاوہ ڈاک خرچ

لوح شرف شمس

عروج و ترقی، تسخیر خلائق، حصول شان و شوکت اور علو مرتبت کیلئے روحانی تحفہ

قیمت: 3000 روپے

شمس سیارگان فلکی میں سب سے بڑا اور شہنشاہ کا درجہ رکھتا ہے۔ سب سے نورانی اور طاقت ور اثر زمین پر ڈالنے والا ہے۔ زندگی اور روح کی توانائی اسی سے قوت پاتی ہے۔ شمس برج حمل میں حرکت کرتا ہوا جب 19 درجے پر پہنچتا ہے تو اسے شرف ہوتا ہے۔ اس وقت جو مخفی قوتیں زمین پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اگر ان کو ضبط میں لایا جائے تو وہ اپنی طاقت سے حامل کیلئے عظیم ہیبت، رعب اور قوت پیدا کرے گا اور ممتاز حیثیت لائے گا۔ شرف شمس کی لوح جس فرد کے پاس ہو۔ اللہ تعالیٰ اسے عزت و توقیر عطا فرمائے۔ حامل لوح کی شان و شوکت ہر خاص و عام میں بڑھ جاتی ہے۔ حامل لوح کی عزت و شہرت عروج و ترقی کمال بلندیوں تک پہنچ جاتی ہے۔ سب دشواریاں اور مشکلیں حل ہو جاتی ہے۔ عوام الناس مسخر و فرماں بردار ہو کر ہر حکم مانتے ہیں۔ شرف شمس کی لوح خواتین و حضرات سب کے لئے مفید یکساں ہے۔ گورنمنٹ اور پرائیویٹ ملازم، تاجر حضرات، ڈاکٹر، لیڈر، وکلاء سب اس لوح مبارک سے یکساں فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جن خوش نصیبوں کے پاس شرف شمس کی لوح ہوگی۔ وہ سمجھ لیں کہ دوسرے تمام لوگوں سے مستقبل کی کامیاب زندگی کے حصول کیلئے انہوں نے میدان مار لیا ہے۔ ان شاءاللہ

شرف قمر کے اعمال

ناظم روحانی درسگاہ حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

حزب البحر کا خاص نقش

ابتداء	خاتمہ
17-8-2022	17-8-2022
11:06	12:58

ان گنت، لاتعداد، بے شمار فوائد کا حامل نقش خود بنائیے! دعائے حزب البحر کے عاملین تیار کر سکتے ہیں۔

دعائے حزب البحر کیا ہے؟ اس کے فوائد و کمالات کیا ہیں؟ دنیا میں شاید ہی کوئی ایسا شخص ہو جو نہ جانتا اور نہ مانتا ہو۔ تصوف و طریقت کے تمام شیوخ کے ہاں اس دعا کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ چونکہ اللہ پاک نے اس الہامی عمل، اس الہامی دعا، اس الہامی مناجات، اس الہامی وظیفے میں وہ برکات اپنے خاص بندے کے ذریعے سے قیامت تک آنے والے تمام بندوں کو عطا فرمادی ہیں کہ جس کو لکھنا تو در کنار سوچنا بھی مشکل و محال ہے۔ انسانی فطرت ہے کہ وہ ہر وقت ایسی چیز کی تلاش میں رہتا ہے کہ کوئی ایسی چیز مل جائے کہ جس کے ذریعے سے اس کے تمام کام آناً فاناً ہو جائیں۔ اس کے پاس کوئی ایسا عمل ہو۔ اس کے پاس کوئی ایسا وظیفہ ہو، اس کے پاس کوئی ایسا تعویذ ہو، اس کے پاس کوئی ایسا نقش ہو، اس کے پاس کوئی ایسی لوح ہو کہ وہ جو سوچے وہ ہو جائے۔ جو چاہے وہ ہو جائے۔ جس چیز کی خواہش کرے وہ خواہش پوری ہو جائے۔ قارئین آج آپ کو جو عمل اور جو نقش بتلانے جا رہا ہوں۔ یہ وہی چیز ہے کہ جس کی تمنا آپ کو سالوں سے تھی، یہ وہ نقش ہے کہ سائلین کو حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ دیا کرتے تھے۔ یہ وہ نقش ہے جو حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ تمام مسالک کے صوفیاء کرام، بڑے بڑے اکابرین، بڑے بڑے عاملین حضرات دیا کرتے تھے اور سائلین کے کام منٹوں اور سیکنڈوں میں اللہ پاک کے خاص فضل و کرم سے ہو جاتے تھے۔ قارئین یہ ایک صدری نقش ہے۔ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ یہ جس کلام سے منسوب نقش ہے۔ قارئین آپ جانتے ہیں کہ دعائے حزب البحر جس کا یہ نقش ہے بہت ہی عظمتوں اور کرامتوں والی دعا ہے۔ حزب البحر کا ایک ایک لفظ روحانیت اور نورانیت سے بھرا ہوا ہے۔ حزب البحر کا ایک ایک لفظ ہر طرح کی نحوسات کو ختم کرتا ہے۔ حزب البحر کا ایک ایک لفظ بندشوں کو پاش پاش کرتا ہے۔ حزب البحر کا ایک ایک لفظ قیمتی موتی ہے۔ حزب البحر کا ایک ایک لفظ یہی ایک ایک بڑا روحانی عمل ہے۔ حزب البحر کا ایک ایک لفظ وظیفہ خاص ہے۔ حزب البحر کے ایک ایک لفظ سے مختلف مقاصد اور مختلف مطالب اور مختلف حاجات کی تکمیل کے لیے مؤثر ترین نقوش اور تعویذات تیار کیے جا سکتے ہیں۔ بہر حال قارئین کرام! آج جو نقش آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اس کو زعفرانی سیاہی سے لکھنا ہے۔ اس کو لکھتے وقت کوئی بھی بہترین بخور یا اگربتی جلالینی ہے۔ بہتر تو یہ ہے کہ اس کو لکھنے سے پہلے غسل کر لیا جائے۔ سفید یا کوئی بھی پاکیزہ لباس پہن کر بہترین عطر اور خوشبو لگا کر ایک بار دعائے حزب البحر شریف پڑھے۔ اس کے بعد ان نقوش کو تیار کرے۔ تیار کرنے کے بعد 5 بار حزب البحر پڑھ کر ان تمام نقوشوں پر جو تیار کیے ہیں دم کرے۔ نقش لکھنے کے بعد اس کے نیچے نام مع والدہ اور مقصد ضرور لکھے۔ نقش کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ اس نقش خاص کو اپنے گلے، بازو پر باندھے یا پھر اس کو اپنے بٹوے یا پرس جو ہر وقت ساتھ رہتا ہو اس میں رکھے۔ قارئین ایک خاص نکتہ یاد رکھیں۔ جو تعویذ، جو نقش، جو عمل، جو وظیفہ جس بزرگ سے لیا ہو یا جس بزرگ سے منسوب ہو اس کو ایصال ثواب کرنے یا کرتے رہنے سے اس کے رزلٹ، اس کی تاثیر میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اگر آپ اس نقش کا بھر پور فیض حاصل کرنا چاہتے ہیں تو کم از کم 3 بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر حضرت ابوالحسن علی شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کہ جن پر یہ دعائے حزب البحر الہام ہوئی، ان کو ضرور ایصال ثواب کریں۔ یہ نقش حزب البحر کے

عامل حضرات ہی لکھ سکتے ہیں۔تمام حزب البحر کے عاملین کو اجازت ہے۔ قارئین! اگر آپ دعائے حزب البحر کی زکات اور چلہ کشی کرنا چاہتے ہیں تو روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ سے رابطہ فرمائیں یا پھر دارالعمل چشتیہ کے سالانہ اجتماع حزب البحر جو ہر سال ماہ صفر میں ہوتا ہے۔تشریف لا کر اس کی زکات ادا کر سکتے ہیں۔

۲۶۱۵۶۴	۲۶۱۰۷۷	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۱
۲۶۱۵۷۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۶
۲۶۱۵۶۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۶۶
۲۶۱۵۷۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۷۳

قمر در عقرب میں دشمنوں کی زبان بندی کا خاص تعویذ

ابتداء	خاتمہ
4-8-2022 20:24	4-8-2022 22:12

دشمن خواہ ایک ہو یا بے شمار ہوں۔کسی بھی وجہ سے دشمنی رکھتے ہوں یہ تعویذ نہ صرف ان کی زبان بندی کے لیے بلکہ ہر طرح کی مخالفت نہ صرف کرنے بلکہ مخالف بات بولنے، مخالف بات سوچنے، مخالف بات کا خیال لانے بلکہ آپ کے مخالف کی چیز کو دیکھنے یا آپ کے مخالف کسی بات کو سننے سے بھی ہمیشہ ہمیشہ کیلئے رک جائیں گے۔ان شاء اللہ، زبان بندی کے لیے تو بہت ہی موثر و مجرب ہے۔الحمدللہ

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَعَلٰى سَمْعِهِمْ	وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ	غِشَاوَةٌ
غِشَاوَةٌ	وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ	وَعَلٰى سَمْعِهِمْ	خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
وَعَلٰى سَمْعِهِمْ	خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	غِشَاوَةٌ	وَعَلٰى سَمْعِهِمْ
وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ	غِشَاوَةٌ	خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ

ناجائز تعلقات کے خاتمے کا بہترین عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
مقابلہ زہرہ و زحل	28-8-2022 05:02	28-8-2022 23:27	29-8-2022 17:51

جب سے موبائل اور سوشل میڈیا کا دور چلا ہے دیگر چیزوں کے ساتھ ساتھ فحاشی، عریانی، ناجائز تعلقات اور گھر سے بچیوں کا بھاگ جانا وغیرہ اس طرح کے معاملات میں بھی بہت اضافہ ہوا ہے۔یہ عمل اور اس عمل کے نقوش اس طرح کے تمام معاملات کے لیے بہت ہی موثر و مجرب ہیں۔ان شاء اللہ اس عمل سے ناجائز تعلقات کا خاتمہ ہوگا۔عمل یہ ہے کہ آپ نے قرآنی آیت مبارکہ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ کو زہرہ و زحل کے مقابلے کے دوران کسی نحس ساعت میں تین سو تیرہ (313) بار پڑھنا ہے۔اس کے بعد اس آیت کا مثلث یا مربع چال میں تعویذ لکھنا ہے۔بہتر یہ ہے کہ 2 تعویذات لکھیں اور تعویذات کو علیحدہ علیحدہ 2 پرانی قبروں کو درمیان دفن کریں۔مجھے یہ عمل دینے والے حضرت صاحب نے یہ کہا تھا کہ اگر 2 تعویذات لکھنے ہیں تو ایک میں پہلے عورت کا نام مع والدہ لکھیں اور دوسرے میں پہلے مرد کا نام مع والدہ لکھیں۔دونوں تعویذات لکھنے کے بعد دونوں پر دوبارہ سے پھر 41 بار مذکورہ آیت مبارکہ پڑھ کر 3 دم کریں اور پھر ان کو دفن کر دیں۔ان شاء اللہ بہت جلدی مقصد حاصل ہوگا۔

مثلث آتشی

الی یوم القیمۃ	والقینا بینھم	العداوۃ والبغضاء
والقینا بینھم	العداوۃ والبغضاء	الی یوم القیمۃ
العداوۃ والبغضاء	الی یوم القیمۃ	والقینا بینھم

نام مع والدہ مقصد لکھیں باقی چالیس عاملین جانتے ہیں

آتشی چال دی جا رہی ہے باقی چالیس عاملین جانتے ہیں

مربع آتشی

والقینا بینھم	العداوۃ	والبغضاء	الی یوم القیمۃ
الی یوم القیمۃ	والبغضاء	العداوۃ	والقینا بینھم
العداوۃ	والقینا بینھم	الی یوم القیمۃ	والبغضاء
والبغضاء	الی یوم القیمۃ	والقینا بینھم	العداوۃ

نام مع والدہ (مقصد تحریر کریں)

دشمن کی جڑیں اکھاڑ دینے والا عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تربیع مریخ زحل	06-8-2022 14:46	08-8-2022 00:56	09-8-2022 11:18

آپ کو جو عمل بتلایا جا رہا ہے۔ بہت ہی موثر ترین عمل ہے۔ اس عمل سے نا صرف یہ کہ دشمن کو نقصان پہنچتا ہے۔ بلکہ اس دشمن کے دوستوں، ساتھیوں، یاروں، بلکہ دشمن کی نسلوں تک اثر پہنچتا ہے۔ اس لیے ہمیشہ اس طرح کے اعمال سوچ سمجھ کر کرنے چاہئیں۔ صرف اپنے نفس کو تسکین دینے کے لیے اپنی انا کو برقرار رکھنے کے لیے، اپنی ضد کو پورا کرنے کے لیے ہرگز ہرگز ایسے اعمال نہیں کرنے چاہئیں۔ چونکہ ایسے تمام تر اعمال دو دھاری تلوار کی مثل ہوتے ہیں۔ اگر ناجائز اور بلاوجہ کوئی اس طرح کا عمل کیا جائے گا تو بجائے دشمن کا نقصان ہونے کے اپنا نقصان ہو جائے گا۔ اس لیے ایسے اعمال صرف اور صرف ان دشمنوں کے لیے کرنے چاہئیں کہ جنہوں نے ہر وقت ناک میں دم کیا ہو۔ ہر وقت نقصان پہنچاتے رہتے ہوں۔ ہر وقت تکلیف دیتے رہتے ہوں۔ ایذا رسانی ان کا مشغلہ بن چکی ہو تو پھر مجبوراً اس طرح کا عمل کر لیا جائے۔ یہ عمل رات کو تنہائی میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ عمل کرنے والا بالکل اکیلا ہو، اس کے قریب کوئی چلنے پھرنے کی آواز تک نہ ہو، نہایت خاموشی اور تنہائی کے ماحول میں تمام روشنی یعنی لائٹیں بند کر کے مکمل اندھیرے میں اس مبارکہ کا تعویذ تیار کیا جائے اور ایک موٹے گتے پر دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اپنے پاس رکھ لیا جائے۔ 500 بار اس آیت کو پڑھنا ہے۔ پڑھتے وقت آپ کے پاس ایک پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا ہو۔ پڑھ لینے کے بعد اس پتھر اور تعویذ پر دم کریں۔ تعویذ قبرستان میں دفن کر دیں اور پتھر پر 7 بار غصے کی حالت میں دشمن کی تباہی کی نیت سے اس موٹے گتے کو ماریں جس پر دشمن کا نام لکھا ہے۔ اگر دشمن کی تصویر ہو تو سب سے زیادہ بہتر ہے۔ ناجائز اور بلاوجہ ہرگز نہ کریں۔

فقطع دابر القوم الذین ظلموا

ف ق ط ع د ا ب ر ا ل ق و م

ا ل ذ ی ن ظ ل م و ا

نام مع والدہ

تسخیر کا بہترین عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تربیع شمس و مریخ	24-8-2022 22:42	27-8-2022 10:27	29-8-2022 20:31

ہر شخص یہی تسخیر کے عمل کا طالب ہوتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ہر دوسرا فرد اس کے حق میں مسخر ہو، بالخصوص ملازم طبقہ یہ چاہ رہا ہوتا ہے کہ اس کا باس، اس کا افسر، اس کا مالک، اس کا سینئر اس کی طرف اور اس کی بات اور اس کی ضرورت کی طرف خصوصی توجہ دے۔ اس کی بات کو مانے، اس کی طرف متوجہ ہو، اس کی طرف توجہ دے، اس کی طرف دھیان دے، اس کو عزت دے، اس کو اہمیت دے، ان تمام معاملات میں بہترین رزلٹ حاصل کرنے کے لیے تربیع شمس و مریخ کی، کسی بہترین سعد ساعت بسم اللہ الرحمن الرحیم کو سات سو چھیاسی (786) بار پڑھے۔ اس کے بعد اپنے مزاج کے مطابق آتشی، بادی، آبی، چال کے ساتھ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا مربع نقش عددی یا ملفوظی تیار کرے۔ پھر اس پر اکیس (21) بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر تین (3) دم کرے۔ اس نقش اور تعویذ کو اپنے پاس رکھے۔ صبح شام اکیس (21) بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کا ورد بلا ناغہ جاری تا زندگی رکھے اور جب بھی کسی شخص کی توجہ یا تسخیر چاہے تو اس کے پاس جانے سے پہلے 21 بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر نا معلوم طریقے سے اس کی طرف پھونکے اور اپنا مطلب اور کام اس کو بتلائے اور بتلانے کے بعد دل ہی دل میں بسم اللہ پڑھتا رہے، تسخیر کا بادشاہ بن جائے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم

مربع

بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم

مثلث

بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم

دولت بڑھانے کا تعویذ

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تثلیث شمس و مشتری	31-7-2022 02:44	01-8-2022 03:36	02-8-2022 04:22

ہر شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں، اس کی دولت میں اضافہ ہو۔ اس کے رزق اس کی دولت کم نہ ہو، چونکہ دنیوی تمام معاملات کا تعلق دولت اور رزق سے ہے۔ آپ کے پاس دولت ہے تو آپ کی عزت ہے۔ آپ کے پاس دولت ہے تو آپ کا وقار ہے۔ آپ کے پاس دولت ہے تو آپ کی ویلیو ہے۔ آپ کے پاس دولت ہے تو رشتہ دار آپ کے رشتہ دار ہیں۔ آپ کے پاس دولت ہے تو آپ کے دوست آپ کے دوست ہیں۔ ایک ظاہری سے بات ہے کہ دنیا کے تمام معاملات چلانے کے لیے دولت کا ہونا بہت ضروری ہے۔ آج انسان دولت کے حصول کیلئے ناجائز کاموں کی طرف تو بھاگتا ہے۔ ناجائز دھندے اختیار کرتا ہے۔ ناجائز حربے استعمال کرتا ہے۔ ناجائز کوشش کرتا ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ جائز کی طرف نہیں آتا۔ یہ جانتے اور مانتے ہوئے بھی کہ اس کا رب بھی اللہ ہے اور دولت کا رب بھی اللہ ہے۔ ہر ایک کو دولت دینے والا بھی اللہ ہے اور دولت کو واپس لینے والا بھی اللہ ہے۔ آج آپ کی خدمت میں ایک ایسا تعویذ جو قرآنی تعویذ ہے اور بہت ہی مجرب، بہت ہی موثر اور بہت ہی آزمودہ تعویذ ہے۔ تعویذ آپ کو ہم بتلاتے ہیں، تعویذ بنانا آپ کا کام ہے۔ اور دولت دینا میرے اور آپ کے رب کا کام ہے۔ یقین اور اعتماد شرط ہے۔ آپ یہ تعویذ تیار کریں۔ اگر آپ عامل ہیں۔ اگر آپ عامل نہیں تو کسی عامل سے تیار کروالیں۔ یہ تعویذ تثلیث شمس و مشتری کے خاص وقت میں تیار کرنا ہے۔ زعفرانی سیاہی سے لکھنا ہے اور اس پر سورۂ فلق 41 بار کے 3 دم کرنے ہیں۔ اس کے بعد یہ تعویذ اپنے پاس رکھیں۔ فجر کی نماز کے بعد سورۂ فلق 41 بار روزانہ پڑھنے کی عادت بنالیں۔ اس تعویذ پر بھی دم کریں اور اپنے ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرلیں اور اگر آپ کا آفس ہے۔ آپ کی دکان ہے، یا آپ کا جو بھی روزگار یا کاروبار ہے۔ وہاں بیٹھ کر بھی 11 بار سورۂ فلق پڑھ کر 3 دم کرنے ہیں۔ روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ لازمی کرتے ہیں۔ ان شاء اللہ آپ دنوں میں دولت مند ہو جائیں گے اور آپ کی دولت کی وجہ سے آپ کا اپنے اور بیگانوں ہر جگہ پر ایک نام ہوگا۔

قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق

ومن شر حاسد اذا حاسد

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

ومن شر غاسق اذا وقب

یا [illegible] اللہ !

اس تعویذ کی برکت سے فلاں بن فلاں کو دولت مند بنا دیجئے! آمین

............................*..............*

طلاق، جدائی، بری عادات چھڑوانے کا عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
مقابلہ شمس وزحل	13-8-2022 22:58	14-8-2022 22:10	15-8-2022 21:21

شمس اور زحل ایک دوسرے کے دشمن ہیں۔ اس شمس وزحل کے دورانیے میں ہمیشہ جدائی، طلاق اور ایک دوسرے سے علیحدہ کرنے کے اعمال کیے جاتے ہیں۔ چونکہ یہ ساعت نحس اکبر کہلاتی ہے۔ لہٰذا اس وقت کی تاثیر سخت ترین ہوتی ہے۔ یہ وقت تخریبی اعمال لکھنے کا ہوتا ہے، دشمنوں میں جدائی آپس میں کروانے کیلئے، بدمعاشوں، ظالموں، فراڈیوں، غلط لوگوں، غلط دوستوں، ناجائز تعلقات وغیرہ وغیرہ ختم کروانے کے اعمال کا بہترین وقت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ بری عادات چھڑانے کے لیے بھی اعمال تیار کیے جا سکتے ہیں۔ اگر کوئی شراب پیتا ہو، چوری کرتا ہو۔ طریقہ یہ ہے کہ جن افراد کے درمیان بھی جدائی کروانی ہو یا کسی بندے کی غلط عادات چھڑوانی ہو تو ان کے ناموں کے درمیان بغض وجدائی کا لفظ لکھا جائے۔ یہ نقش ان کاموں کے لیے بہت ہی مؤثر اور مجرب و آزمودہ ہے۔ غلط دوستوں کی جدائی، بری عادات چھڑوانے، کسی بدمعاش نے شریف عورت سے زبردستی شادی کرلی ہو یا ویسے اپنے پاس رکھا ہوا ہو۔

(بقیہ ص 31)

شرف عطارد کا خاص تحفہ (لوح رد سحر)

ناظم روحانی درسگاہ حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

شرف عطارد مورخہ 13 اگست 2022 بروز ہفتہ صبح 10:31 پر شروع ہوگا اور 14 اگست بروز اتوار رات 03:15 پر ختم ہوگا۔

سحر یعنی جادو سے ہر شخص ہی پریشان ہے۔ آپ بخوبی جانتے ہیں کہ جادو برحق ہے۔ جادو ایک زندہ حقیقت ہے۔ سحر اور جادو کا انکار حق اور سچ سے انکار کے مترادف ہے۔ چونکہ جادو کا ذکر قرآن میں ہے۔ جادو کا ذکر حدیث میں ہے، جادو کا ذکر اللہ پاک نے کیا ہے، جادو کا ذکر جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ درس قرآن کے نام سے گزشتہ پورے ایک سال کے تمام رسائل میں جادو کے موضوع اور عنوان پر میرے دروس آپ نے یقیناً ملاحظہ فرمائے ہوں گے۔ بخاری شریف، مسلم شریف اور احادیث مبارکہ کی تمام کتابوں میں رسول پاک ﷺ پر جادو ہونا کے متعلق روایات کا آنا اس چیز پر دلالت کرتا ہے کہ جادو ہے، جادو کیا جاتا ہے، جادو ہوجاتا ہے، جادو کی زد میں ہر ایک شخص خواہ وہ نیک ہو یا بد ہو، نمازی ہو یا بے نمازی ہو، دین دار ہو یا دنیا دار ہو آسکتا ہے۔ جادو سے متاثر ہونے کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ اس کی نمازیں، اس کی کی دعائیں، اس کی بزرگی، اس کا تقویٰ، اس کی طہارت، اس کا حافظ ہونا، اس کا قاری ہونا، اس کا عالم ہونا، اس کا مفتی ہونا، اس کا شیخ الحدیث ہونا، اس کا شیخ التفسیر ہونا، اس کا امام مسجد ہونا، اس کا خطیب مسجد ہونا، اس کا صوفی ہونا، اس کا پیر طریقت ہونا، اس کا بزرگ ہونا، اس کا ولی ہونا بے کار ہے، رائیگاں ہے، ایسی بات ہرگز نہیں ہے، جادو کا ہوجانا، سحر کا ہوجانا اس ساری خصوصیات، اس ساری شانوں، ان ساری عظمتوں، ان ساری نسبتوں، کے منافی نہیں ہے۔ جادو سے متاثر ہونا، سحر سے متاثر ہونا بالکل ایسے ہی ہے، جیسے بخار عام آدمی کو بھی ہوجاتا ہے۔ نمازی کو بھی ہوجاتا ہے، بخار معاشرے کے عام آدمی کو بھی ہوسکتا ہے۔ حافظ، قاری، عالم، امام وغیرہ وغیرہ سبھی کو ہوسکتا ہے۔ دنیا کے تمام حوادثات، پریشانیاں، آزمائشیں، تکلیفیں مختلف قسم کی بیماریاں ہر نیک و بد، ہر عام و خاص کو ہوسکتی ہیں۔ بہر حال ہمارا موضوع یہ نہیں ہے۔ ہمارا موضوع یہ ہے کہ آپ کو جو روحانی تحفہ آج پیش کیا جارہا ہے۔ انتہائی مجرب، انتہائی مؤثر، انتہائی آزمودہ، قرآنی، نورانی، روحانی خاص الخاص تحفہ ہے، یہ لوح ہر وہ عامل تیار کرسکتا ہے۔ جو آیات سحر کا عامل ہو، یہ لوح ہر وہ شخص بنواسکتا ہے، جو خود جادو کا شکار ہو، جس کا روزگار یا کاروبار جادو سے متاثر ہو، ہر وہ شخص بنواسکتا ہے جس پر جادو تھا یا اس پر جادو ہے یا اس پر جادو ہوتا رہتا ہے، جادو کسی طرح کا بھی ہو، جادو جب سے ہو، جادو خواہ کتنا ہی سخت کیوں نہ ہوں، ان شاء اللہ یہ لوح مؤثر ترین لوح ہے۔ اس کو سال بھر میں صرف مخصوص گھڑیوں اور ساعتوں میں ہی تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس لوح میں ان آیات کا انتخاب کیا گیا ہے کہ جن آیات کو اکابرین، بزرگان دین، اسلاف امت، سحر وجادو کے توڑ، سحر وجادو کے رد، سحر وجادو کے خاتمے، سحر وجادو سے نجات، سحر وجادو سے چھٹکارے، سحر وجادو سے خلاصی، سحر وجادو کے علاج وغیرہ میں بطور دم، بطور رقیہ، بطور تعویذ باندھنے، بطور تعویذ پلانے، بطور تعویذ لٹکانے، بطور تعویذ پاس رکھنے کے صدیوں سے استعمال کرواتے آئے ہیں۔ یہ لوح انتہائی مؤثر ترین لوح ہے۔ مجرب ترین لوح ہے۔ آزمودہ ترین لوح ہے۔ اللہ پاک کے حکم سے اس لوح کی برکت سے ہر طرح کا جادو باطل ہوگا۔ ہر طرح کے جادوگروں کے وار ناکام ہوں گے۔ اس لوح میں لکھی گئی قرآنی آیات کی برکت سے ہر طرح کے سفلی، کالے جادو، ٹونے، ٹوٹکوں کا اثر بے اثر ہوگا، ہر طرح کے سحر وجادو پر غلبہ ہوگا۔ ہر طرف سے سحر وجادو کی بوچھاڑ، سحر وجادو کی بارش، سحر وجادو کی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

پیمتاہیم — قول — شقمقایل — آلم

یاقہار	یاقہار	یاقہار	بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر خلق	یاجبار	یاجبار	یاجبار
یاقہار	یاقہار	یاقہار		یاجبار	یاجبار	یاجبار
یاقہار	یاقہار	یاقہار		یاجبار	یاجبار	یاجبار

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۔ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۔ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۔ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۔

کہیعص — اسرافیل — حمعسق — عزرائیل

یاقابض	یاقابض	یاقابض	۳۶۹۴	۳۷۰۴	۳۷۰۳	۳۷۰۱	یاممیت	یاممیت	یاممیت
یاقابض	یاقابض	یاقابض	۳۷۰۵	۳۷۰۰	۳۶۹۵	۳۷۰۶	یاممیت	یاممیت	یاممیت
			۳۶۹۹	۳۷۰۲	۳۷۰۹	۳۶۰۶			
یاقابض	یاقابض	یاقابض	۳۷۰۸	۳۶۹۷	۳۶۹۸	۳۷۰۳	یاممیت	یاممیت	یاممیت

برسات، سحر وجادو کے طوفان، سحر وجادو کی آندھیوں میں ان شاءاللہ یہ لوح بھرپور کام دے گی۔ اس لوح کی برکت سے سحر وجادو کرنے اور سحر وجادو کروانے والے گھٹنے ٹیکنے پر، معافیاں مانگنے پر مجبور ہوں گے۔ سحر کرنے اور کروانے والے پاؤں میں پڑیں گے۔ ہر طرح کا سحر وجادو پاش پاش ہوگا۔

سحر اور جادو کے ہر قسم کے نئے، پرانے، معمولی یا زیادہ اثرات کے مریضوں کے لیے یکساں مفید ہے۔

اگر آپ خدانخواستہ سحر وجادو کے مریض ہیں تو آپ کی سب سے اہم ضرورت لوح ردسحر ہے۔ فوری منگوائیے۔

لوح ردسحر بنوانے کے لیے رابطہ فرمائیے۔

لوح ردسحر کا ہدیہ صرف اور صرف 1750 روپے ہے۔

روحانی دکان میں دستیاب خاص الواح کی تفصیل https://bit.ly/3re1ytU

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

جانور کی سرکشی سے پریشان

سوال میں کچھ عرصہ سے اپنے جانوروں کے بارے میں بہت پریشان ہوں۔ روز بروز ان کی سرکشی بڑھتی جا رہی ہے۔ سواری کے لیے بہت مشکل ہوتی ہے اور کھیتوں میں بھی۔ مہربانی فرما کر کوئی دعا کر دیں اور مجھے بھی کچھ بتا دیں تاکہ میری پریشانی حل ہو جائے۔ (جمشید، چیچہ وطنی)

جواب آپ کی پریشانی کا ایک روحانی علاج عرض کرتا ہوں۔ یہ عمل حدیث میں آیا ہے۔ کامل یقین سے کریں، ان شاءاللہ، پریشانی دور ہوگی۔

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ ''جب تم سے کسی کا جانور سرکشی اختیار کرے تو اس آیت کو اس کے کان میں پڑھ دیا جائے (تو وہ جانور سرکشی سے باز آ جائے گا)۔'' (بیہقی)

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ (ال عمران:۸۳)

بیٹی کسی لڑکے کی محبت میں مبتلا

سوال میری بیٹی کی عمر تیرہ سال ہے۔ وہ کسی لڑکے کی محبت کے چکر میں پھنس گئی ہے۔ ہم نے بہت سمجھایا۔ وہ ہمیں کہتی ہے کہ میرا کوئی تعلق نہیں ہے۔ مگر جب میرے شوہر کو باہر سے باتیں سننے کو ملتی ہیں تو وہ گھر آ کر مجھ پر غصہ نکالتے ہیں اور طلاق دینے کی بات کرتے ہیں۔ مجھے بتائیں کہ اس میں میرا کیا قصور ہے؟ موبائل اس کو والد نے لے کر دیا۔ جب موبائل واپس کرنے کی بات کروں تو بیٹی کہتی ہے کہ مجھے پڑھنا ہوتا ہے، اس لیے واپس نہیں کر سکتی۔ بیٹی کو زیادہ ڈانٹوں تو کھانا پینا چھوڑ دیتی ہے۔ میں بس یہی چاہتی ہوں کہ عزت و آبرو سے اپنی پڑھائی مکمل کرے اور اس کی کسی اچھی جگہ شادی ہو جائے۔ ہم نے اس لڑکے کے بارے میں پتہ کروایا ہے۔ وہ لوگ اچھے نہیں ہیں۔ مہربانی فرما کر ہمارے مسئلے کا کوئی حل نکالیں تاکہ ہماری عزت بھی بچی رہے اور بیٹی بھی کوئی غلط قدم نہ اٹھائے۔ (س، لاہور)

جواب سورۂ لھب ایک سو اکیس (121) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بیٹی کو پلائیں۔ اول و آخر درود شریف نہیں پڑھنا۔ یہ عمل اکیس (21) سے چالیس (40) دن تک کرنا ہے۔

''اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ'' کی پانچ (5) تسبیح پڑھ کر بیٹی پر دم کرنا ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک ایک تسبیح پڑھ کر دم کر سکتی ہیں۔ اگر روزانہ یہ پڑھنا ممکن نہ ہو تو پھر صبح و شام ایک ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں اور اللہ جل جلالہ سے دعا مانگیں۔ یہ عمل بھی اکیس (21) سے چالیس (40) دن تک کریں۔

اس دوران ڈانٹ ڈپٹ بالکل نہ کریں اور نہ ہی اس لڑکے کے بارے میں کوئی تذکرہ کریں۔ ان شاءاللہ، عشق کا بھوت اتر جائے گا۔

جن کا اثر

سوال میری بیٹی کی تین چار ہفتوں سے طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ سر سے گردن کی طرف جو رگیں آ رہی ہیں، ان میں شدید درد ہوتا ہے۔ کندھوں میں بھی درد ہوتا ہے۔ ریڑھ کی ہڈی کے دائیں اور بائیں کمر میں درد ہوتا ہے۔ بازو ایسے ہو جاتے ہیں جیسے شَل ہو گئے ہوں۔ ہاتھ میں چیز پکڑی نہیں جاتی۔ سانس بہت جلد پھول جاتا ہے۔ ٹینشن بہت زیادہ ہے۔ بہت زیادہ اور جلد غصہ میں آ جاتی ہے۔ یہ ساری کیفیت مغرب کے بعد زیادہ ہوتی ہے۔ نمازِ عصر کے بعد سے شروع ہو جاتی ہے اور رات دیر تک رہتی ہے۔ رات کو درد کی وجہ سے نیند بھی نہیں آتی۔ ڈاکٹر سے ٹائم لینا ہے مگر کوئی نہ کوئی رکاوٹ آ جاتی ہے۔ اگر ٹائم لے بھی لو تو جا نہیں پاتے۔ گھٹنے میں بھی درد ہوتا ہے۔ سو کر اُٹھے تو جسم میں بھی کافی درد ہوتا ہے جیسے کسی نے مارا پیٹا ہو۔ جسم پھولتا جا رہا ہے۔ ماہانہ نظام بھی خراب ہو رہا ہے۔ اس کی شادی اگلے سال کرنی ہے۔ میں بہت پریشان ہو گئی ہوں۔ مہربانی کر کے میری مدد کریں اور تشخیص

بھی کریں اور علاج بھی۔ (ر، پوشیدہ)

جواب میری تشخیص میں یہ سارا کام ''جن'' کا ہے۔ آپ ڈاکٹر سے علاج لازمی کروائیں کیونکہ ''جن'' نے آپ کی بیٹی کے جسم کو کافی متاثر کردیا ہے۔ اور اب روحانی علاج کے ساتھ جسمانی علاج لازمی ہوگیا ہے۔

روحانی علاج کے لیے آیت الکرسی تین سو تیرہ (313) مرتبہ، اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف، روزانہ پڑھ کر پانی اور چینی پر دم کریں اور بیٹی کو کھلائیں پلائیں۔ ہفتہ میں ایک بار زیادہ پانی پر دم کریں۔ اور پانی کسی پاک جگہ اپنی بیٹی پر اس طرح بہائیں کہ ناپاک جگہ نہ جائے۔ چھت پر کرلیں یا صحن میں۔ بیٹی کپڑے پہنے رہے۔ پانی بہا کر کپڑے تبدیل کرلیں اور ان کپڑوں کو سکھا کر پھر دھو کر استعمال کریں۔

بیٹی کو کہیں کہ وہ ''سورۂ ناس'' کی ایک تسبیح رات کو بستر پر لیٹ کر پڑھا کرے۔ باوضو پڑھنی ہے۔ اول و آخر دس (10) بار درود شریف۔

یہ دونوں عمل تین (3) سے چھ (6) ہفتے کرنے ہیں۔ تین (3) ہفتے کرکے حالات کی اطلاع کریں۔

شوہر بہت لڑتا ہے، مارتا ہے

سوال میرا شوہر مجھ سے بہت زیادہ لڑائی کرتا ہے، شک کرتا ہے، مارتا ہے۔ کوئی بات سننے کو تیار نہیں ہوتا۔ خود کہتا ہے کہ پتہ نہیں اس کو کیا ہوجاتا ہے جب اس کو غصہ آتا ہے۔ کام پر بھی نہیں جاتا۔ میں اس سے بہت تنگ آچکی ہوں۔ خدارا کچھ ایسا کریں کہ اگر وہ میرے ساتھ اچھا نہیں ہوسکتا تو کم از کم میرے ساتھ برا بھی نہ ہو۔ (نازیہ، لاہور)

جواب محترمہ، سب سے پہلے اللہ جل جلالہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کے اوپر رحم فرمائیں اور آپ کے شوہر کے دل میں بھی آپ کے لیے محبت اور رحم بھر دے۔ آمین

میرے حساب میں آپ کے شوہر کا مزاج ہی بہت زیادہ شک کرنے والا اور غصہ کرنے والا ہے۔ کوئی جادو کا معاملہ نہیں ہے، شیطانی اثرات کافی ہیں۔ اس وجہ سے وہ غصہ سے بے قابو ہوجاتا ہے۔ حقیقت میں یہ ایک نفسیاتی مسئلہ بن چکا ہے جس کا باقاعدہ علاج کروانا پڑتا ہے جو کہ آپ کے شوہر بالکل نہیں کروائیں گے۔

فی الحال میں آپ کو شیطانی اثرات کو دور کرنے کے لیے اور جلد رویہ درست کرنے کے لیے روحانی علاج دے رہا ہوں۔ اس کی پابندی کریں اور مجھے علاج ختم ہونے پر صورتحال سے آگاہ کریں۔

پانچ سو (500) مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ، اوّل و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف، پڑھ کر پانی اور چینی پر دم کریں۔ یہ دونوں چیزیں اپنے شوہر کو روزانہ پابندی سے استعمال کروائیں۔ اس عمل کو اکیس (21) یوم بلا ناغہ جاری رکھیں۔ خاص ایام میں بھی یہ عمل جاری رکھیں۔

دوسرا عمل ''یَالَطِیْفُ'' کو گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھ کر شوہر پر دم کریں۔ اگر شوہر کے سونے کے بعد پڑھیں تو بہت اچھا ہے۔ شوہر کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ اور پھر دم کردیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ (11) بار۔ اس عمل کو بھی اکیس (21) دن جاری رکھیں۔

دوسری شادی سے روکنا

سوال حضرت! ایک مشورہ کرنا ہے کہ ایک خاتون ہے۔ اس کے جادو کے تمام معاملات ٹھیک ہو گئے۔ اس کے رشتے کے حوالے سے ایک پسند تھی۔ وہ بندہ بھی تیار تھا۔ وہ ایک دو دفعہ آئے تو بات بن گئی اور عین بارات کے دن لڑائی جھگڑا ہو گیا، جس کی وجہ سے وہ واپس چلے گئے۔ اور کام خراب ہو گیا۔ اب مسئلہ یہاں آ کر پھنس رہا ہے کہ وہ کہتا ہے کہ میں شادی تم سے کر لوں گا مگر میں دوسری شادی بھی کروں گا۔ میں نے اس خاتون کو سمجھایا کہ اپنی شادی تو کرو۔ مگر وہ یہ کہتی ہے کہ میں شادی تب کروں گی جب لڑکا دوسری شادی سے دستبردار ہو۔ یہ سوچ ختم ہو۔ اس کے لیے کوئی عمل دیں۔ اب مجھے بتائیں کہ میں کون سا عمل دوں۔ (ع، لاہور)

جواب دوسری شادی کرنا کوئی غلط کام تو نہیں اور آج بہت ضرورت ہے مگر ہر کوئی اس کا متحمل نہیں ہوتا۔ خاتون کو کہیں کہ شادی کرے۔ پھر اس کے پاس بہت وقت ہوگا مختلف عملیات کرنے کا۔ اگر وہ پھر بھی نہ مانے تو اس کو بندش کا ''بجر بند'' والا عمل دے دیں۔ ان شاء اللہ، وہ لڑکا دوسری شادی کا ارادہ ترک کر دے گا۔ مستقل پڑھنے کا کہیں، ناغہ نہ کرے۔

مدرسہ کی مہتممہ پر آسیبی اثرات

سوال السلام علیکم ورحمۃ اللہ، استاد جی! ایک مدرسہ کی مہتممہ ہیں۔ بنات کا مدرسہ ہے۔ ان کے جسم میں بہت دردیں ہوتی ہیں۔ کئی طرح کی بیماریاں بھی ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ جسم اندر سے خالی ہو گیا ہے اور غصہ کی بہت زیادتی ہے۔ بلا وجہ بھی بہت غصہ کرتی ہیں۔ معمولی بات پر بھی بہت غصہ کرتی ہیں۔ مہربانی فرما کر اس کی تشخیص فرما کر علاج کے بارے میں رہنمائی فرما دیں۔ (م ح، راولپنڈی)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! میری تشخیص میں یہ مریضہ پرانی آسیبی مریضہ ہیں۔ بیماریاں بھی بن چکی ہیں اور پرانی ہو گئی ہیں۔ اثرات خون میں شامل ہو گئے ہیں۔ خون میں شامل اثرات کا علاج جلدی نہیں ہوا کرتا۔ تین سے چھ ماہ کا وقت تو لگ ہی جاتا ہے۔

دوسری بات کہ بنات کے مدارس پر ویسے بھی بہت اثرات ہوتے ہیں۔ استاد جی حضرت مولانا امان اللہ رحمۃ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ ''شاید ہی کوئی بنات کا مدرسہ ہو جس پر شیاطین اور جنات کے اثرات نہ ہوں۔'' اور جو مہتممہ ہوگی، اس پر تو اثرات اور زیادہ ہوں گے۔ میرے روحانی ذرائع نے کئی بار اس بات کا تذکرہ کیا کہ مدارس پر شیاطین کے بڑے بڑے لشکر حملہ کرتے ہیں جن میں ساحر قسم کے شیاطین بھی ہوتے ہیں۔ وہ انتظامیہ، اساتذہ، طلبا و طالبات پر اثرات ڈالتے ہیں۔ خاص کر طالبات کے ساتھ زنا بھی کرتے ہیں۔ یعنی مدرسہ کھولنا ہی اس بات کے لیے کافی ہے کہ شیطان کے لشکر حملہ کریں گے اور جادو بھی کریں گے۔ اس لیے مدارس والوں کو اپنی روحانی حفاظت کا بہت مضبوط انتظام کرنا چاہئے مگر افسوس کہ سب ہی اس معاملے میں غفلت کا شکار ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ سارا کام عامل کرے۔

آپ ان مریضہ کو پینے والا علاج دیں جو کم از کم تین (3) ماہ پر مشتمل ہو اور مدرسہ میں جادو جنات نکالنے والا سات سلام چہل کاف کی بنیادی کاپی والا عمل ہفتہ میں ایک بار کریں اور سات ہفتہ (7) اس کو جاری رکھیں۔ مزید علاج علامات دیکھ کر جو دینا چاہیں، وہ دے دیں۔ مدرسہ کی تمام انتظامیہ، اساتذہ اور طالبات کو ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت بنیادی حصار کرنے کی تلقین کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

اجتماع کی شرائط وضوابط

1 دار العمل چشتیہ کا سالانہ اجتماع ہر سال صفر المظفر کے مہینے میں ۶۔۷۔۸ تاریخ کو منعقد ہوتا ہے۔

2 اپنے آنے کی ادارے کو یکم صفر المظفر تک اطلاع دیں۔ اجتماع میں تشریف لانے والے تمام دوست واحباب بذریعہ خط، میسج یا فون کر کے اپنا نام درج کروالیں۔ چونکہ ایک محدود تعداد مکمل ہو جانے پر کہیں آپ آنے اور چاہنے کے باوجود بھی اس اجتماع سے محروم نہ رہ جائیں۔

3 اجتماع میں آنے والے ہر شخص کو 5 صفر (انگریزی تاریخ اور دن کا حساب لگا کر) عصر کی نماز تک اجتماع گاہ پہنچنا ضروری ہے۔ چونکہ بعد نماز مغرب اعمال شروع ہو جاتے ہیں۔

4 اجتماع میں تشریف لانے والے تمام نئے اور پرانے شرکاء کو فائدے اور بھرپور روحانی استفادے کیلئے بنائے گئے تمام اصول وضوابط کی پابندی کرنا ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں اجتماع کی انتظامیہ کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ آپ کو اجتماع سے واپس بھیج دیں۔

5 ملکی حالات اور سکیورٹی کے پیش نظر تمام شرکاء اجتماع اپنا اصل شناختی کارڈ اور 2 شناختی کارڈ کی کاپی لانا ہرگز ہرگز نہ بھولیں، بصورت دیگر ہم معذرت چاہیں گے۔ 2 عدد پاسپورٹ سائز فوٹو لائیں۔ 3 سفید چادر برائے خیمہ (بڑے اعمال کیلئے)۔ مسواک، خوشبو، تسبیح، تسبیح کاؤنٹر وغیرہ ہمراہ لائیں۔

6 تین دن کے اجتماع میں شریک ہونے والے تمام شرکاء سے گذارش ہے کہ وہ اجتماع میں شریک کسی بھی فرد سے مالی یا کوئی بھی معاملہ اپنی ذمہ داری پر کریں۔ ادارہ کسی بھی قسم کے معاملے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

7 اپنے اعمال کا کسی بھی ساتھی سے ذکر نہ کریں۔

ضروری ھدایات

1 اجتماع گاہ دار العمل سے کافی فاصلے پر ہے۔ لہٰذا دار العمل آنے کی غلطی نہ کریں، بیدیاں خاص پہنچ کر جامع مسجد اللہ اکبر میں تشریف لائیں۔

2 اجتماع میں دعائے حزب البحر، دعائے حزب النصر اور دیگر بہت سارے باموکل وغیر باموکل اعمال کی ریاضت اپنی نگرانی میں کروائی جاتی ہے۔

3 باموکل اعمال کی ریاضت کیلئے تشریف لانے والے احباب اجتماع میں آنے سے 3 دن پہلے ہی ترک حیوانات کا پرہیز شروع کر دیں۔

4 ہماری روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ اپنی تمام اجازت والی کاپیاں ساتھ لائیں چونکہ ان تمام اعمال کی خصوصی کلاسیں ہوں گی۔

5 اسی طرح اگر کسی طالب علم کو کوئی بات پوچھنی ہے یا روحانی علاج میں کوئی رکاوٹ ہے یا مزید کچھ سمجھنا چاہتا ہے تو وہ اپنے سوالات باقاعدہ کاغذ پر تحریر کر کے لائے تاکہ آپ کی مکمل رہنمائی کی جاسکے۔

6 اجتماع کے ان 3 دنوں میں روزہ رکھنا ضروری ہوتا ہے نیز سحری، افطاری کا کھانا ترک حیوانات کے پرہیز کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ 3 دن کے کھانے اور آخری دن بکروں کا صدقہ کیلئے تمام اخراجات بذمہ شرکاء اجتماع ہوں گے۔ لہٰذا اجتماع میں پہنچتے ہی انتظامیہ کے پاس اخراجات کی رقم جمع کروانا ضروری ہے۔ جو زکوۃ صغیر ادا کریں گے اور ایسے اعمال جن میں بکرے کے صدقے کی ضرورت نہیں ہوتی، ان کے لئے ھدیہ فی کس اندازاً -/2500 روپے (کمی بیشی بعد میں) ہمراہ لائیں۔ اور جو زکوۃ کبیر ادا کریں گے اور ایسے اعمال جن میں بکرے کے صدقے دینا ہوتا ہے ان کا ھدیہ فی کس اندازاً -/5000 روپے (کمی بیشی بعد میں) ہمراہ لائیں۔

7 مختلف بیانات خاص کر جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کے بیان میں تصویر کھینچنا سخت منع ہے۔ (ویڈیو ہر حال میں منع ہے)

8 اجتماع میں تشریف لانے والے نئے دوست واحباب کیلئے ہماری روحانی درسگاہ سے سکھائے جانے والے تمام فری اور فیس والے اعمال کی اجازت، ماہنامہ خزینہ روحانیات کی ممبر شپ اور روحانی دکان کی تمام اشیاء اجتماع گاہ سے ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کیلئے دار العمل آنے کی ضرورت نہیں ہے۔

9 موجودہ کرونا وائرس کے سلسلے میں شرکاء اجتماع حکومتی ھدایات پر سختی سے عمل کریں۔

10 اجتماع میں ریاضتی اعمال کرنے والوں کی دستار بندی بعد نماز مغرب ہوگی۔

رابطہ
حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی
0304-7772772

تمام حاجتوں کے لئے خاص عمل

مولانا صادق الامین عزیزی مدظلہ (حیدرآباد)

حصولِ شجاعت ودفع دشمن اوراس پر ہیبت اور مقبولیت، خلقت میں غنا، وامن از خوف، نجات از جادو یا زنداں یا جنون، واداۓ قرض، ودفع فکر وعافیت اور سفر تا خانہ، وحصول نسبت نکاح (برائے خاتون) وفروغ تجارت (جبکہ دکان میں اس کو رکھیں) یا بچوں کے باندھیں تو تمام آفات سے نجات وحفاظت اور قبولیت دعا، یعنی ان میں سے جو حاجت ہوگی، ان شاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔

❶ الٓمّٓ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٢﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٤﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٥﴾ (البقرہ:۱-۵)

❷ الٓمّٓصٓ ﴿١﴾ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾ (الاعراف:۱-۲)

❸ الٓمّٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ۭ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١﴾ (الرعد:۱)

❹ كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿١﴾ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿٢﴾ (مریم:۱-۲)

❺ طٰهٰ ﴿١﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿٢﴾ (طه:۱-۲)

❻ طٰسٓمّٓ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ (القصص:۱-۲)

❼ طٰسٓ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾ (النمل:۱)

❽ يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ (یس:۱-۲)

❾ صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿١﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿٢﴾ (ص:۱-۲)

❿ حٰمٓ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٢﴾ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِي الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾ (مومن:۱-۳)

⓫ حٰمٓ ﴿١﴾ عٓسٓقٓ ﴿٢﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣﴾ (الشوری:۱-۳)

⓬ قٓ ۣ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴿١﴾ (ق:۱)

بقیہ (ص 23): جھوٹا اٹھرا......سحری اٹھرا

نماز نفل شکرانہ الٰہی ضرور ادا کریں۔

درود پاک: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَنْوَارِ وَ تِرْيَاقِ الْاَغْيَارِ وَ مِفْتَاحِ الْيَسَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَ اَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَ اَفْضَالِهٖ۔

آیات مبارکہ: وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَآءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ﴿٥﴾ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۤ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿٦﴾ (مریم:۵-۶)

بقیہ (ص 24): ہمزاد کے عامل کیلئے خصوصی ہدایات

عمل نہیں کرنا چاہئے کیونکہ عملوں کے دوران ڈر خوف آتا ہے۔ اگر ڈر گیا تو پاگل ہوجائے گا یا پھر رجعت میں گرفتار ہوجائے گا۔ اس لئے عمل کرنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لینا چاہئے کہ میں یہ عمل کر بھی سکوں گا یا کہ نہیں۔

⓭ ایسے لوگ جو کہ آسیبی مرض کا شکار ہیں یا کسی پر کوئی ذی روح مسلط ہو، اگر وہ تندرست بھی ہوجائے تو ہمارا مشورہ یہی ہے کہ وہ عمل ہرگز نہ کریں۔ ورنہ وہ دوبارہ آسیبی مریض بن جائیں گے۔ اور پھر کوئی علاج کارگر نہ ہوگا۔

⓮ ایسے لوگ جو کسی بیماری کا شکار ہوں جیسے مرگی، سکتہ وغیرہ...... ان کو ایسے اعمال نہیں کرنے چاہئے۔

نافرمان اولاد کیلئے تعویذ مبارک

فقیر امتیاز علی قادری سندھ

سعد دن اور سعد ساعت میں سفید پیپر پر مشک و زعفران کی سیاہی سے یا پھر مجبوری کی حالت میں سیاہ سیاہی سے تعویذات کو کم سے کم گیارہ (11) یا پندرہ (15) یا اکیس (21) یا پھر اکتالیس (41) مرتبہ لکھیں۔ جب تعویذات تیار ہو جائیں تو بعد میں تعویذات کو سامنے رکھ کر یہ کلمات اس طرح سے پڑھیں۔ اللھم اھدنا الصراط المستقیم ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھیں۔ ''یاھادی'' پانچ سو (500) مرتبہ پڑھیں۔ ''اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم'' تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں۔ عمل کے دوران اول و آخر گیارہ گیارہ (11/11) مرتبہ درود ابراھیمی ضرور پڑھیں اور تعویذات پر 3 مرتبہ دم کرکے دعا مانگیں۔

ترکیب استعمال:۔

1. روزانہ ایک تعویذ کو پانی میں اچھی طرح سے گھول کر صبح نہار منہ دوپہر کو کھانے سے پہلے اور شب کو سوتے وقت آدھا آدھا گلاس پلائیں۔
2. ایک تعویذ کو نافرمان کے تکیے کے اندر رکھ دیں اور وہ جب بھی سوئے تو وہی تکیہ استعمال کرے اور اس تکیے کو کوئی اور شخص استعمال نہ کرے۔
3. ایک تعویذ کو نافرمان کے گلے میں پہنا دیں اور اس علاج کے ساتھ روزانہ ہر نماز کے بعد اول و آخر پانچ پانچ (5/5) مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درمیان میں ''اللھم اھدنا الصراط المستقیم'' ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں۔

''یاھادی'' ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں۔ ''اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم'' ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں۔ اور پانی پر 3 مرتبہ دم کرکے دعا مانگیں اور وہ پانی نافرمان کو پلائیں۔

خاص نوٹ:۔ راز کی بات علاج کے دوران اس نافرمان شخص کی کچھ بڑی تصویر کو اپنے کمرے میں سامنے والی دیوار پر اُلٹے جانب لگا دیں یعنی تصویر کی چہرے کا رُخ نیچے ہو اور والد محترم یا پھر والدہ اس تصویر کو روزانہ فری وقت میں کم سے کم 15 یا 20 منٹ تک غور فکر، توجہ سے دیکھتی رہے اور علاج مکمل ہونے تک اس تصویر کو سیدھا نہ کریں۔ بالکل اسی طرح سے علاج کو ذمہ داری سے جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں جتنی بھی نافرمان اولاد ہوگی فرمانبردار ہو جائے گی اور والدین کی دل سے عزت اور قدر کرے گی، ہر بات مانے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۱۷۹ المستقیم	۸ الصراط	۱۱ اھدنا	۱ اللھم
۱۳ اھدنا	۲ اللھم	۷ الصراط	۱۲ المستقیم
۳ الصراط	۱۶ المستقیم	۹ اللھم	۶ اھدنا
۱۰ اللھم	۵ اھدنا	۴ المستقیم	۱۵ الصراط

یاھادی یاھادی یاھادی یاھادی

اللھم قلادیت فلاں کو ہدایت کا راستہ دکھادے بحق ھذا التعویذ مبارکہ وبحق ھذا المؤکلات وبحق یاھادی یاھادی یاھادی وبحق جابدوح جابدوح جابدوح وبحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

محرم الحرام کے خاص عملیات

الحاج حکیم میاں عبدالمنعم

ماہِ محرم اسلامی سال کا پہلا مہینہ ہے۔ اس میں جو خاص خاص عملیات کیے جاتے ہیں، وظائف پڑھے جاتے ہیں، تعویذات لکھے جاتے ہیں، ان میں سے چند قارئین کے لیے پیشِ خدمت ہے۔

سانپ کاٹنے کا عمل

عمل 1: اس عمل کو محرم کی شب عاشورہ کی رات کو اول آخر سات (7،7) مرتبہ درود شریف کے ساتھ اس آیت کو پانچ سو (500) مرتبہ پڑھ لیں اور شیرینی پر فاتحہ دے کر پہلے خود کھائیں۔ بعد بچوں میں تقسیم کر دیں۔ آپ عامل ہو جائیں گے، ہر سال اسی طرح آپ زکات ادا کر لیا کریں۔ اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو لیا ہو تو اول آخر تین، تین (3، 3) مرتبہ درود اور پانچ (5) مرتبہ آیت پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح دن میں پانچ (5) مرتبہ دم کریں مسلسل پانچ (5) دن۔ ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے۔ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿۱۹﴾ فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِىَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿۲۰﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿۲۱﴾

(طٰہٰ:۱۹-۲۱)

عمل 2: نام خدا دا، دو جا نام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوہائی چار کبار دی، ہدا پیران پیر دستگیر کا اذن گوگے پیر کا۔ اس کی تعداد ایک سو اکیس (121) مرتبہ ہوگی۔ یہ دو عمل ہیں ایک وقت میں ایک عمل کی زکات ادا کریں۔ جو آپ کو پسند ہو۔

ساری عمر ہر قسم کی آفتوں سے حفاظت

جو شخص محرم الحرام کی پہلی تاریخ کو ایک سو تیرہ (113) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پاک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو قبلہ رخ، پاک مصلے پر بیٹھ کر لکھے گا اور ہمیشہ اپنے گھر میں اس کو فریم کر کے لگائے گا، وہ ہمیشہ کے لیے ہر قسم کی آفات و مصائب سے محفوظ رہے گا۔ (مجرب) تجربہ کیا ہوا عمل ہے۔

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلین کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تا کہ بوقت ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

ماہنامہ خزینہ روحانیات
50
اگست 2022ء
ماہنامہ خزینہ روحانیات کی بارہویں جلد آج ہی طلب فرمائیں
مئی 2021 سے اپریل 2022 تک کے 12 شماروں کا مجموعہ
جس میں 2 خاص نمبر "نورانی عملیات" اور "اثرات بدنمبر بھی شامل ہیں"
جلد میں شائع ہونے والے چند اہم مضامین درج ذیل ہیں
مئی 2021 ☆ قرآن سے شفاء ☆ جادو سے نجات کے قرآنی اعمال ☆ جنات سے نجات کے روحانی اعمال ☆ کالی ماتا کے وار کا توڑ ☆ حفاظت کے مجرب اعمال
جون 2021 ☆ جان لیوا، مہلک اور بڑے سے بڑے امراض کا مجرب روحانی علاج ☆ سورۃ البروج کا اسراری عمل ☆ غیبی مدد ☆ شرف قمر کے اعمال
جولائی 2021 ☆ لوح اوج مریخ ☆ عملیات برائے دشمن ☆ مثالی ازدواجی تعلقات
اگست 2021 ☆ ہبوط قمر کے اعمال ☆ تربیت العالمین ☆ قرآن سے علاج ☆ طبی ٹوٹکے ☆ آملہ کے بے مثال اور بے شمار فوائد ☆ یوسوئی ریکی
ستمبر 2021 ☆ لوح کشف: غیبی الہامات کی خاص لوح ☆ دعائے حزب البحر ☆ دعا حزب النصر ☆ حضرت سیدنا امام زید شہیدؒ ☆ حصول عزت اور اسمائے حسنیٰ
اکتوبر 2021 ☆ مفتیان وعلمائے کرام کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ کے تجویز کردہ نورانی عملیات ☆ جنات سے نجات کے نورانی عملیات
نومبر 2021 ☆ آیات خمسہ سے تسخیر جنات ☆ نقش محبت وحفاظت کے عامل بنیں ☆ مجرب عملیات ووظائف ☆ انسان کی بربادی اور کامیابی کا اہم راز
دسمبر 2021 ☆ تسخیر ہمزاد کے اعمال ☆ جگہ کے دو (2) خاص حصار ☆ پسند کی شادی کا انجام ☆ وہ لڑکی جس کے ساتھ ایک جن نے شادی کر لی تھی
جنوری 2022 ☆ لوح استحکام محبت ☆ لوح ترقی دولت ☆ قسم ناصور کے اعمال برائے دشمن ☆ روحانی اعمال ☆ آیات خمسہ باموکل ☆ آیات خمسہ باموکل
فروری 2022 ☆ دجال سے حفاظت کا انمول تحفہ ☆ پریشانیوں سے نجات کے روحانی اعمال ☆ خراب صحت کی سات علامتیں ☆ بسم اللہ کے چند مجرب اعمال ☆
مارچ 2022 ☆ سحر سے نجات کے اعمال ☆ علامہ انور شاہ کاشمیریؒ کے عملیات ☆ جنات، آسیب وشیاطین کو جگہ سے نکالنے کے مجرب اعمال
اپریل 2022 ☆ اثرات بد سے نجات کے مجرب المجرب اعمال ☆ لوح مبارک برائے روحانی حفاظت ☆ جادو اور شیطانی اثرات کا علاج
قیمت مکمل جلد: 850 روپے
رعائتی قیمت: 600 روپے
خزینہ روحانیات دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
khaiznaeruhaniyat khaiznaeruhaniyaat khazinaruhanyat
darulamal.org/magazines/ruhani, khazinaeruhaniyaat@gmail.com
0322-4773786, 042-35410586 +KhazinaeRuhaniyaat
روحانی حرمل برائے دھونی
جادو۔ آسیب۔ جنات۔ نظربد
گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس
قیمت: 300 روپے (250 گرام)
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے کیڑوں کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے مکوڑوں کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والی چھپکلیوں کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے زنبور کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے مچھروں کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والی کھٹملوں کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے لال بیگ کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے پسو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے حشرات الارض کو ختم کرتا ہے۔
روحانی حرمل کی دھونی دیجئے اور ان سے جان چھڑائیے۔
روحانی دکان
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop
روحانی لوبان برائے دھونی
گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس
قیمت: 350 روپے (250 گرام)
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی کچے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی بھنے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی جانوروں کی بو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گوبر کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی پاخانے کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی عجیب وغریب بدبو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گندی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی خون کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
اثرات بد کی وجہ سے آنے والی منی کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔
روحانی لوبان کی دھونی سے ہر طرح کی سخت بدبو پرانی بدبو فوری ختم ہو جاتی ہے۔
روحانی دکان
0320-4312272 darulamal.org/ruhanishop
0334-4312272 042-35420586 ruhanishop
عارفی پرفیومز میں دستیاب عربی، انڈین عطر اور فرنچ پرفیوم آئل کی تفصیل
https://bit.ly/3jnD8K8

قرآن سے دکھ، درد اور بیماریوں کا علاج

قیصر احمد بی۔ اے (کراچی)

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۵۲﴾

(القلم: ۵۱-۵۲)

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کسی کو نظر لگنے کا وہم ہو تو اس آیت کو تین (3) مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ وہ ٹھیک ہو جائے گا۔

جنت الفردوس حاصل کرنے کیلئے

وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ﴿۸۵﴾ (الشعرآء: ۸۵)

جنت الفردوس حاصل کرنے کیلئے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) یا اکتالیس (41) مرتبہ اس دعا کو پڑھیں۔

روزی ورزق میں ایسی برکت کہ آپ تصور نہ کر سکیں

یَا ذَا الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ صَلِّ عَلٰی فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ وَ اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ تَفَضَّلْ عَلَیْنَا بِفَضْلِكَ الْعَظِیْمِ۔

ہر نماز کے بعد بیس (20) مرتبہ ان کلمات کو پڑھیں، رزق میں و روزی میں بے انتہا برکت ہوگی۔

جو دعا مانگے قبول ہو

یَا سَمِیْعُ: جو شخص روزانہ ان کلمات کو دس (۱۰) بار پڑھے گا اور پڑھنے کے دوران گفتگو نہ کرے گا، پھر جو دعا مانگے گا، قبول ہوگی۔

نامردی کا علاج

روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ کی آیت مبارکہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ﴿۴﴾ تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں۔ عمل کی میعاد ایک سو بیس (120) دن ہے۔ ان شاء اللہ سستی و نامردی کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ ہو جائے گا۔

لقوہ و فالج سے حفاظت کا طریقہ

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے لقوہ و فالج نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ سورۂ والشمس پڑھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے لقوہ و فالج سے محفوظ رکھے گا اور وہ کبھی بھی اس مرض کا شکار نہ ہوگا۔

کینسر کا علاج

اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۴﴾ (الملک: ۱۴) دوا اور پانی پر مذکورہ آیت دو ہزار بائیس (2022) مرتبہ پڑھ کر دم کر لیں اور استعمال کریں۔ ان شاء اللہ کینسر کا نام و نشان تک باقی نہ رہے گا۔

مرگی کا علاج

جو شخص سورۂ سجدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ ان شاء اللہ اسے مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

کثرت احتلام کا علاج

بستر پر جاتے وقت سورۂ طارق پڑھ لیا کریں تو کثرت احتلام کا مرض نہ ہوگا اور اگر پہلے سے یہ مرض ہو تو بالکل ختم ہو جائے گا۔ بہت ہی مجرب ہے۔

جادو کے توڑ کے لئے

اَسْاَلُ اللهَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَّشْفِیَكَ

سات (7) مرتبہ یہ دعا پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

آسیب سے نجات

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ (الشعرآء: ۱۳۰)

اس دعا کو گیارہ (11) مرتبہ پانی پر دم کر کے (بقیہ ص 61)

خطوت الشیطن

(شیطان کے نقش قدم)

1۔ اللہ تعالیٰ کی مکمل اطاعت سے گریز

وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے کے دعویدار ہیں، ان میں ہی کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے کچھ احکام کو مانتے ہیں، ان کی بجا آوری بھی کرتے ہیں اور کچھ دوسرے احکام سے جانتے بوجھتے لا پرواہی برتتے ہیں۔ جو علم وہ مان رہے ہیں اس کو اپنی نجات کے لئے کافی سمجھتے ہیں۔

مثلاً کچھ لوگ فرائض یعنی نماز، زکوٰۃ، روزہ اور روزہ اور حج کے احکام کی پابندی تو کرتے ہیں لیکن معیشت اور معاملات میں اللہ تعالیٰ کے احکام پر یا تو عمل پیرا نہیں ہوتے یا انہیں قابل عمل تصور نہیں کرتے ہیں۔ وہ لوگ جو ان احکام کو قابل عمل ہی نہیں سمجھتے ہیں وہ حقیقتاً ایمان والے رہتے ہی نہیں ہیں یہ تو بہت دور کی گمراہی ہے۔ (نعوذ باللہ من ذالک)

جو اللہ تعالیٰ کی مکمل اطاعت سے گریز کر رہے ہیں، ان کے لئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ایسے لوگ شیطان کے نقش قدم پر ہیں۔ قدموں کے وہ نشانات جو سیدھے جہنم کے عذاب کی طرف جا رہے ہیں۔ کاش کہ ایسے لوگ رب کائنات کی اس بات کو سمجھ لیں اور صحیح راہ پر آ جائیں قبل اس کے کہ دیر ہو جائے:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَاۗفَّةً ۠ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ؁ (البقرۃ:۲۰۸)

''اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اور نہ پیروی کرو شیطان کے قدموں کی، بے شک وہ تو تمہارا کھلا کھلا دشمن ہے۔''

اوپر کی آیت کی تفصیل پچھلے باب میں گزر چکی ہے، اس آیت کے بعد آنے والی دو آیات پیش نظر ہیں:

''تو اگر آیات کے آ جانے کے باوجود تم لوگ متزلزل ہوتے ہو تو یہ جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ مکمل اختیار و حکمت والے ہیں۔ کیا ایسے لوگ منتظر ہیں کہ اللہ بادلوں کے سائے میں اور فرشتے آ جائیں اور ان کے کئے دھرے کا فیصلہ کر دیں؟ اور تمام معاملات تو اللہ ہی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں۔ (البقرۃ:۲۰۹:۲۱۰)

اللہ تعالیٰ ہر شئے سے پوری طرح واقف ہیں۔ جان بوجھ کر شیطان کے قدموں کی نشانات پر چلنے والے کیوں کر اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچا سکیں گے؟ اللہ کا فیصلہ اٹل ہے اور سب کے لئے یکساں ہے۔

2۔ حرام اور ناپاک غذا

حرام اور ناپاک غذا سے سیر ہونے والے اور حرام و حلال میں فرق نہ کرنے والے لوگ اپنی لا پرواہی یا نادانی کی وجہ سے اس راستے پر چل رہے ہیں جو شیطان لعین کا ہے۔ شیطان کے قدموں کی پیروی کرنے والے ہیں۔ اس راستے پر چلنے والوں کی منزل جہنم کا عذاب ہے۔

زمین پر جو کچھ ہیں، خواہ جمادات ہوں، نباتات ہوں، حیوانات ہوں یا حشرات، یہ سب کے سب انسان کی خدمت کے لئے ہی بنائی گئی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے زمین میں جو کچھ بھی ہیں، انسانوں کے لئے ہی بنائی ہیں۔

(مفہوم سورۃ البقرہ:۲۹)

زمین پر موجود اشیاء میں وہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے غذائی ضروریات کی پوری کرنے کے لئے حلال فرمایا ہے اور دوسری وہ ہیں جنہیں حرام کیا ہے۔ کچھ دوسری اشیاء وہ ہیں جو بہ نفسہ تو حلال ہیں لیکن ان کے طریقہ استعمال کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ اسی طرح وہ حلال اشیاء جو اللہ تعالیٰ کے کسی مخلوق کے نام پر مشہور یا مختص کر دی گئی ہوں وہ بھی حرام ہیں۔

یہ پوری کائنات اور اس کی ہر شئے مخلوق ہے اور اللہ تعالیٰ ان سب کے خالق ہیں۔ اس لئے حلال کردہ اشیاء میں حلال وہی ہیں جو صرف خالق کے ہی رضا کے لئے اور خالق کے فرمائے ہوئے طریقے پر بغیر کسی مخلوق کی شراکت کے غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے استعمال میں لائی جائیں۔

اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ حلال اور حرام کے احکام سے انحراف کرنے

والے شیطان لعین کی قدموں کے نشانات پر اپنے قدموں کو رکھتے ہوئے جہنم اور اس کے عذاب کی طرف بڑھنے والے ہیں۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ كُلُوا۟ مِمَّا فِى ٱلْأَرْضِ حَلَٰلًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا۟ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيْطَٰنِ ۚ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿١٦٨﴾

(البقرۃ:۱۶۸)

”اے لوگو! کھاؤ انہیں جو زمین میں تمہارے لئے اچھا اور حلال ہے اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بے شک وہ تو تمہارا کھلا دشمن ہے۔“ آیت کی تفصیل پچھلے باب میں گزر چکی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں صحابہ رضی اللہ عنہ میں سے کسی نے اس آیت کی تلاوت کی۔ اس موقع پر سعد بن وقاص رضی اللہ عنہ ہی نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ میرے لئے اللہ تعالی سے دعا فرمائیں کہ میری دعائیں قبول فرمایا کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے سعد! پاک چیزیں اور حلال لقمے کھاتے رہو، اللہ تعالی تمہاری دعائیں قبول فرماتے رہیں گے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، حرام لقمہ جو انسان اپنے پیٹ میں ڈالتا ہے اس کی نجاست کی وجہ سے چالیس (40) دن کی اس کی عبادت قبول نہیں ہوتی ہے۔ جو گوشت پوست حرام سے پلا ہے وہ جہنمی ہے۔ (تفسیر ابن کثیرؒ)

3۔ حلال کو حرام بنا لینا

حرام سے غذائی ضرورت کو پورا کرنا صرف اس وقت جائز ہے جب اس کے بغیر بھوک سے مرجانے کا اندیشہ ہو اور وہ بھی اس شرط کے ساتھ کہ اسے بغیر رضا و رغبت کھایا جائے اور اتنا ہی کھایا جائے جو زندگی کو قائم رکھنے کے لئے انتہائی ضروری ہو۔

جس طرح حرام کھانا شیطان کے قدموں کی پیروی ہے ٹھیک اسی طرح اللہ تعالی کی حلال کردہ اشیاء کو اعتقاداً حرام کرنا بھی شیطان لعین کے پیچھے پیچھے چلنا ہے۔ شرعی عذر یعنی کسی بیماری یا مزاج کی غیر آہنگی کی بنا پر کسی حلال شئے کو خود اپنے لئے غذائی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے استعمال نہ کرنا یہ شیطان لعین کے ساتھ چلنا نہیں ہے۔ جیسے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کو گوہ کے گوشت کا سالن پیش کیا گیا تو آپ ﷺ نے گوہ (سانڈے) کا گوشت خود نہیں کھایا لیکن دوسروں کو اس کے کھانے سے منع نہیں فرمایا۔ (بخاری)

وَمِنَ ٱلْأَنْعَٰمِ حَمُولَةً وَفَرْشًا ۚ كُلُوا۟ مِمَّا رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُوا۟ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيْطَٰنِ ۚ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿١٤٢﴾

(الانعام:۱۴۲)

”اور مویشیوں میں بوجھ کے اٹھانے والے ہیں اور چھوٹے بھی ہیں، کھاؤ انہیں جو اللہ نے تمہارے لئے رزق بنایا ہے اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، یقیناً وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔“ آیت کی تفصیل پچھلے باب میں گزر چکی ہے۔

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالی فرماتے ہیں: میں نے جو مال و مویشی اپنے بندوں کو دیئے ہیں اسے ان کے لئے حلال کر دیا ہے۔ میں نے اپنے بندوں کو موحد (صرف میری عبادت کرنے والا) پیدا کیا مگر شیطان نے اس دین حنیف سے انہیں ہٹا دیا اور میری حلال کردہ چیزوں کو ان پر حرام کر دیا۔ (مسلم)

4۔ فحاشی اور منکرات

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّبِعُوا۟ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيْطَٰنِ ۚ وَمَن يَتَّبِعْ خُطُوَٰتِ ٱلشَّيْطَٰنِ فَإِنَّهُۥ يَأْمُرُ بِٱلْفَحْشَآءِ وَٱلْمُنكَرِ ۚ وَلَوْلَا فَضْلُ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُۥ مَا زَكَىٰ مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَدًا وَلَٰكِنَّ ٱللَّهَ يُزَكِّى مَن يَشَآءُ ۗ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٢١﴾

(النور:۲۱)

”اے وہ لوگ جو ایمان لائے! نہ کرو پیروی شیطان کے قدموں کی۔ اور جو شیطان کے قدموں کی پیروی کرے گا تو بے شک وہ (شیطان) حکم دیتا ہے فحاشی اور منکرات کا اور اگر اللہ تعالی کا فضل اور اس کی رحمت تم پر نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی بھی پاکیزگی نہ اختیار کر سکتا تھا۔ اور لیکن اللہ تعالی ہی پاک کرتے ہیں اسے جو چاہتا ہے (یا جسے چاہتے ہیں) اور اللہ تعالی سننے والے، علم رکھنے والے ہیں۔“

یہاں یہ بات معلوم ہوئی کہ وہ لوگ جو فحاشی اور بے ہودگی کے کاموں میں ملوث ہیں وہ دراصل شیطان کے نقش قدم پر چلنے والے ہیں۔

آج کا میڈیا اور اس سے دلچسپی، درحقیقت شیطان لعین کے قدموں پر قدم ملائے چلتے چلے جانا ہے۔ فحاشی اور بیہودگی کی میڈیا کے علاوہ بھی بہت سی دوسری شکلیں آج کے معاشرے میں رائج ہیں۔ کچھ تو وہ ہیں جنہیں ہم نہ فحاشی سمجھتے ہیں نہ بیہودگی۔ انہیں میں سے مرد اور زن کا آزادانہ اور بے باکانہ اختلاط ہے، عورتوں کا بے حجاب رہنا، اشتہارات وغیرہ۔

شیطان اپنے پیروکاروں کو فحاشی اور بیہودہ کاموں میں لگا چھوڑتا ہے جو اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے۔ اللہ تعالیٰ بے عیب ہیں، وہ کسی عیب دار کام کا حکم نہیں دیتے ہیں، چہ جائے کہ اللہ تعالیٰ فحاشی اور منکرات کا حکم دیں۔ سورۃ الاعراف میں فحاشی اور منکرات کے کام کرنے والوں کا قول نقل فرمایا گیا ہے:

وَإِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً قَالُوا وَجَدْنَا عَلَيْهَا آبَاءَنَا وَاللَّهُ أَمَرَنَا بِهَا ۗ (الاعراف:۲۸)

”اور جب انہوں نے فحاشی کے کام کئے تو کہتے ہیں: ہم نے اپنے بزرگوں کو ایسا کرتے پایا اور اللہ نے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے۔۔“

اس آیت کے اگلے ٹکڑے میں اللہ تعالیٰ اپنے آپ کے بری الذمہ ہونے کا اعلان فرماتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ کیا تم اللہ کے لئے وہ بات کہتے ہو جس کا تم کوئی علم نہیں رکھتے ہو۔

قُلْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ ۖ أَتَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٢٨﴾ (الاعراف:۲۸)

”فرما دیجیے (اے نبی ﷺ) بے شک اللہ تعالیٰ نہیں حکم دیتے فحاشی کا، کیا تم لوگ وہ کچھ کہتے ہو اللہ پر جس کا تمہیں کوئی علم نہیں ہے؟“

کسی بھی قول کو بغیر علم اللہ کی طرف منسوب کرنے والا، قرآن کی رو سے سب سے بڑا ظلم ہے۔ قرآن کے ایک مقام پر فحاشی پھیلانے والوں کے لئے دنیا اور آخرت دونوں ہی میں دردناک عذاب کی وعید سنائی گئی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَنْ تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۚ (النور:۱۹)

”بے شک وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں فحاشی کو ایمان والوں کے درمیان پھیلانا ان کے لئے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت میں۔۔۔“

اللہ تعالیٰ تو فحاشی اور منکرات سے تاکیداً منع فرماتے ہیں:

إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٩٠﴾ (النحل:۹۰)

”بے شک اللہ تعالیٰ حکم دیتے ہیں انصاف اور احسان کرنے کا اور قرابت داروں کو دینے کا اور روکتے ہیں فحاشی، منکرات اور سرکشی سے، اللہ تعالیٰ تمہیں نصیحت کرتے ہیں تا کہ تم نصیحت پکڑو۔ اللہ کے احکام کی جانتے بوجھتے خلاف ورزی کرنے والا اللہ تعالیٰ کی سرکشی کا ہی تو مرتکب ہوتا ہے۔ اور اللہ سے سرکشی کرنے کا انجام بدترین ہے۔ شیطان اس مقام پر تو لے جانا چاہتا ہے۔ انسانوں میں سے وہ ہیں جو بہ خوشی سرکشی میں بڑھتے جانا چاہتے ہیں۔ کاش کہ ان کی آنکھیں کھلتیں، انجام اپنے تصور میں لا سکتے اور توبہ کی توفیق نصیب ہوتی۔

سورۃ الاعراف میں چند آیات کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَرِيقًا هَدَىٰ وَفَرِيقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلَالَةُ ۗ إِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيَاطِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ مُهْتَدُونَ ﴿٣٠﴾ (الاعراف:۳۰)

”ایک گروہ نے ہدایت پائی اور ایک گروہ پر گمراہی حق ہوگئی، بے شک انہوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطانوں کو اپنا دوست اور سرپرست بنایا ہے اور ساتھ ہی گمان کرتے ہیں کہ وہی راہ راست پر ہیں۔“

اللَّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا (البقرۃ:۲۵۷)

دوست اور سرپرست تو اللہ تعالیٰ ہیں ایمان والوں کے، (بقیہ ص 17)

بکرے کا صدقہ

بکرے کا صدقہ کرنا عملیات اور روحانی علاج میں ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ عوام کے ساتھ ساتھ عاملین کے لیے بھی بکرے کا صدقہ کرنا بہت فائدہ مند ہے۔ آج کے مہنگائی والے دور میں بکرے کا صدقہ کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں۔ اور ہر ماہ باقاعدگی سے کرنا کا تو بہت سے لوگ سوچ بھی نہیں سکتے۔ اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ بکرے کا صدقہ ایسے طریقے پر کیا جائے جس میں عوام اور عاملین آسانی کے ساتھ شامل ہو سکیں اور کم سے کم خرچ میں فائدہ اٹھا سکیں۔ ایک فرد کے لیے یا ایک حاجت کے لیے مکمل بکرے کا صدقہ کرنے کا جو فائدہ ہوتا ہے، اتنا فائدہ ایک بکرے میں زیادہ حصہ دار کرنے سے نہیں ہوتا۔ لیکن کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔ نیز، ہمارے ہاں جو بکرے کا صدقہ کیا جاتا ہے، اس پر عاملین اپنے خاص اعمال پڑھ کر دم بھی کرتے ہیں۔ یہ خاص عملیاتی صدقہ ہوتا ہے۔ اس لیے اس کا کم فائدہ بھی عام بکرے کے صدقے کے مقابلے میں بہت ہوتا ہے۔

کئی سال سے بکرے کا صدقہ ادارے میں کیا جاتا تھا جس میں صرف ادارے کے اراکین ہی شامل ہوتے تھے۔ اب یہ سہولت عوام اور دیگر عاملین کو بھی دی جا رہی ہے کہ وہ بکرے والے صدقے میں شامل ہو سکتے ہیں۔ جس ماہ میں صدقہ کیا جائے گا، اس کی اطلاع ماہنامہ خزینۂ روحانیات اور ویب سائٹ میں دی جائے گی۔

سائلین اور مریضوں کے لیے چند فوائد

درج ذیل میں چند ایسی صورتیں لکھی جاتی ہیں جن میں بکرے کا صدقہ کرنا بہت مفید مانا گیا ہے۔

٭٭ مصیبتیں اور پریشانیاں...... جن سے نجات نہ مل رہی ہو۔

٭٭ مشکلیں...... جن کا کوئی حل نہ نکل رہا ہو۔

٭٭ حاجت...... جو کسی طرح پوری نہ ہو رہی ہو اور طرح طرح کی رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں۔

٭٭ سخت جادو...... جس سے باوجود بہت علاج کروانے کے نجات نہ مل رہی ہو اور بار بار اثرات آ رہے ہوں یا روحانی علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو۔

٭٭ جنات اور شیاطین...... کسی طرح نجات نہ مل رہی ہو۔

٭٭ رشتے اور شادی کے معاملات...... مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہوں۔

٭٭ بیماریاں...... بہت علاج کے باوجود شفایابی نہ مل رہی ہو۔

٭٭ معاشی معاملات...... روزگار نہ ملنا، کاروبار نہ چلنا یا بندش کا شکار، ملازمت میں پریشانی یا خطرے میں پڑ جانا۔

٭٭ ازدواجی وسسرالی مسائل...... طلاق تک نوبت، شوہر کا بہت مار پیٹ کرنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، سسرالیوں کا ناجائز تنگ کرنا۔

عاملین کے لیے فائدے

جو عامل جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرتے ہیں، وہ ایک طرح سے حالتِ جنگ میں ہوتے ہیں۔ دشمن جادوگروں اور جنات وشیاطین سے ہر وقت حملہ کا ڈر رہتا ہے۔ حصارات کی پابندی جتنی بھی کی جائے، بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ اگر نہ بھی ہو اور عامل پابندی کرتا ہو تب بھی اس کے گھر والوں کی پابندی نہ کرنے سے اثرات اہل وعیال پر آ ہی جاتے ہیں۔ کمزور حفاظت والے عاملین اکثر رجعت اور بندشوں کا شکار رہتے ہیں۔ کبھی عمل چلنا بند ہو جاتے ہیں، کبھی خود بیمار، کبھی بیوی بچے بیمار، کبھی روزگار کی بندش اور آمدن بالکل نہ ہونے کی شکایت۔ اسی طرح کے مسائل کا شکار عاملین بھی بکرے کے صدقے سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور باقاعدہ سے ہر ماہ آخری منگل کو صدقہ ادا کر کے روحانی اثرات سے پیدا ہونے والی بندشوں، رکاوٹوں، مصیبتوں، پریشانیوں اور بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور اگر خدانخواستہ مبتلا ہو گئے تو ان شاء اللہ، بہت جلد نجات کی صورت نکل آئے گی۔

بکرے کے صدقہ میں شامل ہونے کا طریقہ

یہ صدقہ اسلامی ماہ کے آخری منگل کو کیا جاتا ہے۔ جو احباب شامل ہونا چاہیں، وہ محرم الحرام 1444ھ کی بیس تاریخ تک 3500 روپے ادارے میں جمع کروا دیں۔ سائل کا نام مع والدہ، شہر اور مقصد/حاجت واضح بتائیں۔ عاملین کے لیے صرف اپنا نام وشہر اور یہ نیت کہ ہر طرح کے جادو جنات کے علاج کرنے کے مضر اثرات سے اپنی واہل وعیال کی حفاظت ونجات کی نیت کافی ہے۔ اگر کوئی اور خاص مقصد ہو تو وضاحت کی جائے۔

نوٹ ادارے کو اختیار ہے کہ کسی ماہ صدقہ کا عمل بغیر وجوہات بتائے منسوخ کر دے۔ جو رقم لی جائے گی، وہ ادارے کے پاس امانت ہوگی۔ چاہے سائل واپس لے، چاہے اگلے بار کے صدقے کے لیے متعین کر دے۔

امرود کھانے کے فوائد

باوا نادعلی بہلول (راجن پور)

ذائقے میں پھلوں کا بادشاہ آم کو کہا جاتا ہے اور فائدے کے اعتبار سے امرود ہی پھلوں کا بادشاہ ہے۔ امرود ایک انوکھا پھل ہے، جس کے فائدے لکھنے کیلئے ایک فہرست مرتب کرنا پڑے گی۔ شاید ہی کوئی ایسی بیماری کا مسئلہ ہو، جس میں امرود نافع نہ ہو۔ امرود سب سے مہنگا پھل سمجھنا چاہیے۔ وہ اس طرح کہ ہر پھل جب کاشت ہوتا ہے تو اس کی قیمت بہت کم ہوتی ہے۔ منڈی پہنچ کر اخراجات شامل کر کے وہ پھل مہنگا ہو جاتا ہے مثلاً سیب درخت سے اترتے وقت پندرہ سے بیس روپے کلو ہوتا ہے۔ منڈی پہنچ کر ڈیڑھ سے دو سو روپے میں فروخت ہوتا ہے۔ مگر امرود کے باغ کنارے بھی امرود چالیس پچاس روپے کلو ہی ملتا ہے اور منڈی میں بھی۔ علاوہ ازیں دوسرے پھلوں کی نسبت سستا ہوتا ہے لیکن فائدوں میں اس کا جوڑ کسی پھل سے نہیں۔ اور مزے کی بات یہ ہے کہ سارا سال ملتا ہے۔ اس کے فائدوں کی وجہ سے میں تو امرود کا عاشق ہوں اور حکماء بھی اس سے ازحد محبت کرتے ہیں۔

امرود کے فائدے

☆......فائبر سے بھرپور ہے۔ ☆......وٹامن اے، بی اور سی رکھتا ہے۔

☆......پروسٹیٹ کینسر اور ہائی بلڈ پریشر سے بچاتا ہے اور ان کو نافع بھی ہے۔

☆......دمہ، کھانسی، نزلہ، سانس کی نالی کی تکلیف میں بہترین نفع کرتا ہے۔

☆......قبض کو دور کرنے کیلئے دنیا میں اس سے بہتر کوئی اور نہیں۔

☆......معدے اور نظام انہضام کی مکمل اصلاح کرتا ہے۔

☆......وزن کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ ☆......بالوں کی خشکی کو دور کرتا ہے۔

☆......خون کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ ☆......امیون سسٹم کو بہتر کرتا ہے۔

☆......بلڈ شوگر کو کنٹرول کرتا ہے اور شوگر کے علاج میں مفید ہے۔

☆......ایکنی کا خاتمہ کرتا ہے۔ ☆......کولیسٹرول لیول کو کنٹرول کرتا ہے۔

☆......جلد کے نکھار میں چار چاند لگاتا ہے۔ ☆......نیند کو بہتر کرتا ہے۔

☆......اسہال، پیچش کو ٹھیک کرتا ہے۔ ☆......دماغی کارکردگی کیلئے مفید ہے۔

☆......دانت درد کو ختم کرتا ہے۔ ☆......بڑھاپا دور کر کے جوان کرتا ہے۔

☆......دل کو صحت مند بناتا ہے۔ ☆......بالوں کے گرنے کو بند کرتا ہے۔

☆......نفسیاتی امراض میں آرام دیتا ہے۔ ☆......کینسر سے لڑتا ہے۔

☆......جو شخص ہمیشہ جوان اور صحت مند رہنا چاہتا ہو، اسے روزانہ امرود استعمال کرنا چاہیے۔

امرود کھانے کا طریقہ

امرود ایک ٹیکنکل پھل ہے۔ لہٰذا اسے مندرجہ ذیل طریقوں سے کھانا چاہیے۔

☆......صبح دوپہر کھانے کے ڈیڑھ گھنٹے بعد پانی پی کر دونوں وقت ایک ایک پاؤ امرود کھانا چاہیے۔

☆......امرود کا بیج چبائے بغیر کھانا چاہیے۔ کبھی بیج کو چبانے کی غلطی نہ کریں۔ بیج چبا کر کھانے سے قبض ہوتی ہے اور بیج چبائے بغیر کھانے سے قبض دور ہوتی ہے۔

☆......امرود کے بیج نکال کر پھینکنے نہیں چاہیں۔

☆......امرود کا گودا یعنی گری اچھی طرح چبا کر پانی کی مانند بنا کر نگلنی چاہیے۔ ٹھیک سے نہ چبانے سے پیٹ درد ہو سکتا ہے اور فائدہ بھی کم ہوتا ہے۔

☆......امرود کھانے کے چالیس (40) منٹ بعد تک پانی نہیں پینا چاہیے۔

☆......امرود کھانے کے بعد سونف کھانا سونے پر سہاگے کی طرح ہے۔

☆......امرود کھانے کے بعد نیم گرم دودھ پینا بہت ہی مفید ہے اور فوراً پیٹ صاف کر دیتا ہے۔

☆......رات کے وقت امرود کھانے سے کچھ افراد کو پیٹ درد ہو جاتا ہے۔ لہٰذا احتیاط کریں۔

☆......امرود کا جوس بہت لذیذ اور خون بنانے کی فیکٹری (بقیہ ص 61)

یادداشت بڑھانے کے گُر

عدنان

اچھی یادداشت اللہ تعالیٰ کا بہترین عطیہ ہے۔ اس یادداشت ہی کی بدولت ہم امتحانات میں کامیابیاں حاصل کرتے ہیں، لوگوں کے ساتھ اپنا رابطہ بہتر بناتے ہیں اور زندگی کے ہر میدان میں بہترین استعداد اور کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ بعض لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اتنی اچھی یادداشت عطا کی ہوتی ہے کہ وہ جو چیز ایک بار سن یا پڑھ لیتے ہیں، اسے ساری عمر نہیں بھولتے۔ یہ حقیقت ہے کہ یادداشت اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے لیکن یہ بات نہ بھولیں کہ یہ ذہنی استعداد ہے۔ اگر آپ اس ذہنی استعداد میں اضافہ کرنا چاہیں گے تو آپ کی قوت حافظہ بڑھتی جائے گی اور اگر بے پرواہی کا مظاہرہ کریں گے تو آپ کی قوت حافظہ اتنی کمزور ہوجائے گی کہ آپ یہ بات تک بھول جائیں گے کہ تھوڑی دیر پہلے آپ نے کھانے میں کیا کھایا تھا۔ جس طرح جسمانی استعداد میں اضافہ ممکن ہوتا ہے، اسی طرح ذہنی استعداد بھی بڑھائی جاتی ہے۔ بالکل یہی حالت آپ کی قوت حافظہ کی ہے۔ یہ ایک ذہنی استعداد ہے جسے آپ اپنی کوشش سے بڑھا سکتے ہیں۔

> اچھی یادداشت اللہ تعالیٰ کی طرف سے عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ اگر آپ خدانخواستہ اپنی یادداشت کمزور ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں تو یہ بے چینی چھوڑیئے۔ صرف یہ چند طریقے اپنائیے اور مضبوط حافظے کے مالک بنیے۔

ذہن کی خاص تکنیک

یادداشت کو دو اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مختصر مدت کی یادداشت اور طویل مدت کی یادداشت۔ مختصر مدت کی یادداشت ہم اپنے محدود ماحول میں استعمال کرتے ہیں مثلاً گھر، دفتر وغیرہ جبکہ طویل مدت کی یادداشت کی ضرورت ہمیں زیادہ مدت تک پڑتی رہتی ہے۔ طویل مدت کی یادداشت کے تحت آپ تحقیقی کام انجام دیتے ہیں۔ مختلف کتابوں میں موجود مشترک باتوں کو اپنے ذہن میں یکجا کرتے ہیں اور مختلف زمانوں میں مختلف مقامات پر پیش آنے والے واقعات سے ایک مخصوص نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔ یہ ذہن کی ایک خاص تکنیک ہے جو وہ اسی وقت استعمال کرسکتا ہے جبکہ یادداشت اچھی ہو۔

حیرت انگیز یادداشت

یہ بات قطعی غلط ہے کہ ذہین لوگوں کے دماغ عام لوگوں کے دماغ سے مختلف ہوتے ہیں۔ آئن سٹائن ایک مشہور ماہر طبعیات گزرا ہے۔ اس کے متعلق لوگوں کو شبہ تھا کہ اس کا دماغ عام لوگوں سے مختلف ہوگا۔ چنانچہ اس کی موت کے بعد اس کی وصیت کے مطابق اس کے دماغ کو محفوظ کرکے اس کا مطالعہ کیا گیا لیکن اس کے دماغ اور عام شخص کے دماغ میں کوئی فرق نہیں پایا گیا۔ ذہنی استعداد صرف مکمل توجہ، بھرپور انہماک اور گہرے مطالعے سے بڑھتی ہے۔ پرانے دور کے اطباء اور فلسفی حضرات اور قرآن کریم اور احادیث کے مفسرین کا حافظہ ناقابل یقین حد تک طاقتور ہوتا تھا۔ آج کے دور میں بھی بعض حضرات کی یادداشت حیرت انگیز طور پر اتنی طاقتور ہوتی ہے کہ وہ اگر ایک کتاب پڑھ لیں تو اس کتاب کا ایک ایک صفحہ مع ایک ایک سطر ان کے ذہن کی اسکرین پر نقش ہوجاتا ہے اور انہیں پوری کتاب صرف ایک مرتبہ دیکھ کر گویا حفظ ہوجاتی ہے۔

حواس خمسہ

اچھی یادداشت دراصل بھرپور توجہ اور انہماک کی محتاج ہوتی ہے۔ یہ دراصل ذہنی استعداد ہے جسے آپ مسلسل مشق سے ترقی دے سکتے ہیں۔ دماغ میں ہماری یادداشت کا مرکز کنپٹی کا قریبی حصہ ہے جہاں ہمارے جسم کے ایک ایک حصے کی یادداشت محفوظ رہتی ہے۔ یہ بات آپ کو عجیب محسوس ہوگی کہ ہمارا پورا جسم یادداشت کے عمل میں شریک ہوتا ہے لیکن آپ ذرا غور کریں تو یہ کوئی عجیب بات نہیں ہے کیونکہ یادداشت کا عمل حواس خمسہ کے ذریعے سے ہوتا ہے۔ حواس خمسہ میں حسِ لامسہ بھی شامل ہے۔ یہ حس

ہماری جلد میں پائی جاتی ہے جو ہمارے پورے جسم پر غلاف کی مانند لپٹی ہوئی ہے۔ اگر ہمارے جسم سے کوئی چیز چھوتی ہے تو ہمارا ذہن فوراً اس بات کا ادراک کرلیتا ہے کہ جلد سے کسی قسم کی چیز ٹکرا رہی ہے۔ اسی طرح ہماری ناک خوش بوؤں سے پیدا ہونے والے تاثرات کو ذہن میں محفوظ کردیتی ہے۔ بعض اوقات کوئی خاص قسم کی خوش بو سونگھتے ہی ہمارا ذہن قلابازی کھا کر برسوں پرانی یادوں کو دوبارہ تازہ کردیتا ہے۔

یادداشت میں اہم کردار ادا کرنے والے حواس میں سب سے زیادہ اہمیت آنکھ اور کان کی ہے۔ اسی لیے بچوں کی کتابوں میں مضمون کے ساتھ تصویریں بھی ضرور ہوتی ہیں جو بچوں اور بڑوں، دونوں کے ذہنوں کو تحریک دیتی ہیں۔

حافظِ قرآن

طالب علموں کیلئے اچھی یادداشت کا ہونا ضروری ہے۔ بعض طلبہ امتحانات میں صرف اسی وجہ سے ناکام ہوجاتے ہیں کہ ان کی یادداشت اچھی نہیں ہوتی۔ یادداشت دراصل سیکھنے کا عمل ہے جسے بار بار دہرانے سے بہتر کیا جاسکتا ہے۔ جو بچے قرآن شریف حفظ کرتے ہیں، وہ دن کے مختلف اوقات میں اپنا آموختہ دہراتے رہتے ہیں اور محض دہرانے کے آسان عمل سے وہ زیادہ سے زیادہ دوڈھائی سال کے عرصے میں پورا قرآن کریم حفظ کرلیتے ہیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ قرآن کے حافظ کا حافظہ نہایت قوی ہوتا ہے اور عمر کے کسی بھی حصے میں انہیں ذہنی کمزوری کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

یاد کرنے کا پہلا طریقہ

دہرانے کے عمل سے مراد یہ نہیں کہ آپ سارا دن ایک ہی صفحے کو بار بار پڑھتے رہیں بلکہ اس میں کئی طریقے شامل ہیں۔ طلبہ کیلئے ایک مؤثر طریقہ یہ ہے کہ وہ جس سبق کو اپنے ذہن میں محفوظ کرنا چاہتے ہیں، اسے پہلے دو تین مرتبہ پڑھ لیں۔ اس کے بعد کتاب بند کرکے ایک طرف رکھ دیں اور کاغذ قلم سنبھال کر بیٹھ جائیں اب جو کچھ بھی انہوں نے تھوڑی دیر قبل پڑھا ہے، اسے مختصر طور پر لکھنے کی کوشش کریں۔ انہیں خواہ کتنا ہی کم یاد آئے لیکن اسے لکھیں ضرور۔ خواہ ایک سطر ہی کیوں نہ ہو۔ خلاصہ لکھنے کے بعد قلم رکھ دیں اور اب کتاب کھول کر یہ دیکھیں کہ انہیں کون کون سی اہم باتیں یاد نہیں رہی تھیں۔ اب سب باتوں کو اپنے ذہن میں نوٹ کریں اور کتاب بند کرکے انہیں کاغذ پر لکھیں۔ اس طرح مسلسل نوٹ کرنے سے انہیں پوری کتاب حفظ بھی ہوجائے گی اور نوٹس بھی تیار ہوجائیں گے۔

دوسرا طریقہ

طلبہ کیلئے یادداشت بہتر بنانے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ وہ کسی ایک مضمون اور مختلف اداروں پر مصنفین کی لکھی ہوئی کتابیں پڑھیں اور ان میں انہیں جو پوائنٹ مشترک نظر آئیں، وہ ایک کاغذ پر نوٹ کرتے جائیں اور بعد میں اپنے کورس کی کتاب سے ان پوائنٹس کو ملائیں۔ اس طرح اچھے نوٹس تیار ہوجائیں گے اور امتحان میں ان پوائنٹس کو لکھ کر اچھے نمبر حاصل ہوسکیں گے۔

تیسرا طریقہ

رٹنا کوئی اچھی طریقہ نہیں ہے۔ اس طریقے میں یہ خرابی ہے کہ اگر آپ کہیں کوئی لفظ یا جملہ بھول گئے تو پھر آگے کی ایک سطر بھی یاد نہیں آتی۔ اس کے بجائے آپ اپنے چند دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر ایک دوسرے سے سوالات کریں اور زبانی جواب دیں۔ زبانی جواب دینے کے طریقے میں یہ خوبی ہے کہ اگر جواب میں کوئی غلطی ہوئی تو دوسرے دوست اس غلطی کو فوراً درست کردیتے ہیں۔ یہ بہت کامیاب طریقہ ہے اور طلبہ میں بھی بہت مقبول ہے۔

علم ریمیا یعنی شعبدات کا علم (قسط سوم)

تحریر و تحقیق: صوفی غلام سرور شباب علوی (حویلی لکھا)

نوٹ: یہ صرف ایک معلوماتی مضمون ہے۔ اس سے قطعاً کسی اہل حق اور اہل فن کی توہین مقصود نہیں۔

گزشتہ دو اقساط میں بیس شعبدات بیان ہوئے جو مختلف لوگوں کے ہتھکنڈے ہیں۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اصلی پیری فقیری اور درویشی کے لیے کسی شعبدے کی قطعاً ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی شعبدے بازی کو ولایت یا بزرگی سے کسی قسم کا تعلق ہے۔ اصل درویش اور پیرو مرشد وہ ہے جو شریعت اسلامیہ کے احکامات کی پابندی کرتا ہے۔ اگر اس کے اعمال شریعت کے خلاف ہیں تو خواہ وہ ہوا میں اُڑے، پانی پر چلے اور آگ کھائے، وہ ہرگز ہرگز ولی اللہ نہیں ہوسکتا۔

دھوپ میں سایہ کرنا: اپنے فن کے مہا جعلی پیر گرمی کے موسم میں عین دوپہر کے وقت اپنے چند معتقدین کو باہر لے جاتے ہیں اور یہ تاثر دیتے ہیں کہ اگر ہم چاہیں تو بادل ہمارے سر پر سایہ کرے۔ اور جدھر چلیں وہ ہمارے ساتھ ساتھ چلے۔ اگر آپ لوگوں کو یقین نہیں تو ہم اپنا یہ سوا گز کا رومال ہوا میں پھینک دیتے ہیں۔ اور وہ ہمارے حکم سے اوپر جا کر پھیل جائے گا اور ہم اس کے سایہ تلے جب تک چاہیں عبادت کر سکتے ہیں۔ اور جب ہم حکم دیں گے تو وہ نیچے آجائے گا۔ لہٰذا جعلی پیر رومال کو اکٹھا کر کے اتنا زور سے پھینکتا ہے کہ رومال بیس تیس گز اوپر جا کر فضا میں کھل کر سایہ کر دیتا ہے۔ اور پیر صاحب تھوڑی دیر نیچے بیٹھ کر گنگناتے اور بڑبڑاتے ہیں۔ پھر حکم دیتے ہیں تو رومال نیچے اترنا شروع ہو جاتا ہے۔

لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ الکوحل اور ایتھر وغیرہ کی کشش اتصال ہے کہ اگر کسی کپڑے یا رومال کے چاروں کونوں پر لوگوں سے آنکھ بچا کر لگا دیا جائے تو وہ ہوا میں معلق ہو جاتا ہے۔ اور اپنی کشش اتصال کی وجہ سے جب تک اس کا اثر زائل نہیں ہوتا۔ وہ ہوا میں معلق رہتا ہے۔ جب ذرا بھی لرزہ آئے سمجھ لیں کہ ادویہ کا اثر اُڑ گیا ہے۔ اب فوراً زمین پر آگرے گا۔ اسی پہچان پر جعلی پیر رومال کے نیچے آنے کا حکم دیتا ہے۔

آگ پر ننگے پاؤں جلنا: بعض شعبدہ باز انگاروں کا کئی گز لمبا چوڑا فرش بچھا کر اور پر ننگے پاؤں کودتے پھرتے ہیں۔ اور آگ کے انگارے قطعاً ان کے پاؤں کو نہیں جلاتے۔ بعض مقامات پر ایسے واقعات سننے میں آتے ہیں۔ بعض عامل حضرات جو اپنے آپ کو پیری کے رنگ میں ڈھالے ہوتے ہیں تو وہ کسی شخص کے مقام درد پر پہلے درانتی یا لوہے کے کسی اوزار کو آگ میں گرم کر کے پھر تیل میں ڈال کر اپنی ایڑی سے لگا کر اس شخص کے مقام ماؤف پر ایڑی لگاتے ہیں یا پھر اسی قسم کا کوئی دوسرا کرشمہ دکھا کر اپنی ولایت کا دعویٰ جتلاتے ہیں لیکن آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ سب کرشمہ مینڈک کی چربی کا مرہون منت ہے۔

آگ کھانا: اگر منہ میں قدرے عقرقرحا چبا لیا جائے تو آگ کے کوئلے چبانے سے منہ نہیں جلتا۔ بلکہ شعبدہ بازیوں کرتے ہیں کہ آگ کا کوئلہ چمٹی سے اٹھا کر منہ میں لے جا کر دانتوں میں دبا کر منہ بند کر لیتے ہیں، جس سے کوئلہ فوراً بجھ جاتا ہے۔ پھر دانتوں سے چبا ڈالتے ہیں۔

بغیر گھی چینی کے میٹھا پراٹھا پکانا: بعض جعلی پیر فقیر اپنی بزرگی کی دھاگ لوگوں پر بٹھانے کے لیے یہ کہہ دیتے ہیں کہ اگر آپ ہمیں ایک کمرہ میں بند کر دیں اور صرف خشک آٹا اور آگ کا چولہا دے دیں تو ہم بغیر پانی، گھی اور چینی کے پراٹھا کھلا سکتے ہیں۔ جو روغنی اور میٹھا ہوگا۔ کیونکہ ہمارے پاس مؤکلات ہیں جو ہمیں ہر مطلوبہ چیز لا کر دے سکتے ہیں۔ مذکورہ شرط کے مطابق بیس تیس منٹ کے بعد پیر صاحب کمرہ سے گرم گرم میٹھا روغنی پراٹھا لا کر لوگوں کو ایک ایک لقمہ کھلاتے ہیں تو ہر شخص انگشت بدانداں رہ جاتا ہے کہ واقعی پراٹھا گھی اور چینی کا بنا ہوا ہے اور ذائقہ ایسا لذیذ کہ آج تک اچھے اچھے گھرانوں میں بھی ایسا پراٹھا دیکھنے میں نہ آیا ہوگا۔

آپ یہ معلوم کر کے بے حد خوش ہوں گے کہ یہ تمام اوصاف صرف پختہ ترین کیلے میں ہیں۔ جو جعلی پیر اپنی جیب وغیرہ یا کسی جگہ پہلے سے چھپائے

ہوتا ہے اور کمرہ میں خشک آٹا میں اس کو گوندھ کر پراٹھا پکا لاتا ہے۔

بغیر چاقو کے رسہ کاٹنا: آپ نے بعض لوگوں کے متعلق سنا ہوگا جو موٹے سے موٹے رسے کو ایک منٹ میں بغیر چھری چاقو کے کاٹ کر رکھ دیتے ہیں۔ یہ لوگ خالی ہاتھوں پر کپڑا ڈلوا کر نیچے سے کٹا ہوا، رسہ نکال کر دکھا دیتے ہیں۔ حالانکہ اس کا فارمولہ اتنا آسان ہے کہ ایک کمزور آدمی بھی موٹے سے موٹے رسے کو چشم زدن میں کاٹ کر رکھ دے گا۔ اگر آپ نے مشاہدہ کرنا ہو تو موٹے رسے کے ٹکڑے کو جس جگہ سے کاٹنا مقصود ہو تو اس کے دونوں جانب دو گرہیں ساتھ ساتھ لگائیں اور دائیں طرف کی گرہ کو اندر کی طرف اور بائیں طرف کی گرہ کو باہر کی طرف مروڑیں۔ ایک منٹ کے اندر رسہ کٹ جائے گا۔ چونکہ گرہیں بالکل قریب ہوں گی، ان کی کٹی ہوئی جگہ کی طرف پھیلائیں تو وہ کھل جائیں گی اور اس طرح عامل کا بھرم بھی رہ جائے گا۔

پسی ہوئی ٹھیکری سے دستخط نمودار ہوں: مٹی کے شکستہ برتن کی ٹھیکری پر کوئلہ، سیاہ، سرخ، سبز یا نیلی پنسل سے کسی شخص سے دستخط کرالیں۔ پھر اپنے ہاتھ میں دیکھنے کے بہانے سے لے کر آنکھ بچا کر اوپر انگوٹھا رکھ کر دبائیں تاکہ انگوٹھے پر پنسل کے سرمہ کے نشان آجائیں۔ پھر اسے واپس دے کر باریک پیسنے کا کہیں اور پسی ہوئی ٹھیکری کو دوسرے ہاتھ میں لے کر دستخطوں والے انگوٹھے کو اس کے بازو، کلائی یا کسی سفید جگہ رکھ کر اوپر سے پسی ہوئی ٹھیکری پھینکیں۔ وہ شخص حیران ہوگا کہ پسی ہوئی ٹھیکری کے دستخط دوبارہ کس طرح نمودار ہو گئے ہیں۔

نہر یا دریا پر چلنا: مگرمچھ کی کھال پشت کی طرف سے لمبائی میں چیر کر اتاریں تاکہ نیچے کا ملائم حصہ محفوظ رہے۔ پھر اس کے موزے اس طرح بنوائیں کہ مگرمچھ کے شکم والا حصہ پاؤں کے تلوؤں کی طرف رہے۔ اگر یہ موزے پہن کر پانی پر چلیں تو آدمی ہرگز نہیں ڈوبتا۔ اس لیے کہ مگرمچھ کی کھال انسان کو پانی پر اٹھائے رکھتی ہے۔

بغیر کھونٹی کی کھڑانوؤں سے چلنا: بغیر کھونٹی کے لکڑی کی کھڑانویں بنوائیں اور عین الدک سفوف خوب باریک سرمہ کی طرح پیس کر پانی میں ضماد بنا کر اپنے پاؤں کے تلوؤں کو پہلے سے لگا کر خشک کر کے چھوڑیں۔ جب یہ شعبدہ دکھانا ہو تو وضو کا بہانہ بنا کر وضو کریں۔ اور گیلے گیلے پاؤں کو خشک کھڑانووں پر رکھ دیں۔ لکڑی کی بغیر کھونٹی کی کھڑانویں، پاؤں سے چمٹ جائیں گی اور چلنے سے پاؤں سے الگ نہ ہوں گی۔

بوتل میں سالم انڈہ ڈالنا: مرغی کے انڈے کو تیز و تند سرکہ میں بھگو دیں۔ اس کا چھلکا موم کی طرح نرم ہو جائے گا۔ بوتل میں نصف تک پانی بھر دیں۔ اور تیار شدہ انڈے کو باحتیاط بوتل کے منہ پر رکھ کر دبائیں۔ وہ نیچے اتر جائے گا۔ بعدہٗ پانی گرا دیں۔ دیکھنے والے حیران ہوں گے کہ تنگ منہ والی بوتل کے اندر اتنا بڑا مرغی کا انڈہ کیسے چلا گیا۔ یاد رہے کہ اگر کوکم پھل پانی میں ڈال کر اس میں انڈے پکائیں تو چھلکا اتنا نرم ہو جاتا ہے جیسے موم ہو۔

بقیہ (ص 51): قرآن سے دکھ، درد اور بیماریوں کا علاج

آسیب زدہ کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔

مقروض قرض فوراً واپس کرے

یَااَللّٰہُ یَافَتَّاحُ یَاجَامِعُ

اگر کوئی شخص رقم واپس نہ کرتا ہو تو یہ اسماء مبارکہ روزانہ پانچ سو (500) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ رقم جلد ہی واپس ملے گی۔

بقیہ (ص 57): امرود کھانے کے فوائد

کی طرح کام کرتا ہے۔

☆......امرود کا ملک شیک بہترین غذا ہے۔

☆......میں حیران ہوں ان لوگوں پر جو مہنگے سے مہنگے پھل تو کھاتے ہیں مگر امرود جیسا بیش بہا خزانہ استعمال نہیں کرتے۔ پرانی سے پرانی قبض کو ختم کرنے میں امرود جیسا سخی پھل یا دوائی ہے ہی نہیں۔ قبض کی بہترین دوائی امرود ہی ہے۔

☆......امرود کے بعد دہی کی لسی پینا شدید نقصان دہ ہے۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
62
اگست 2022ء
صفحات 320
تسخیریات قرآنی علوم کی روشنی میں
مرتب: اعجاز احمد خان سنگھانوی
قیمت 1200 روپے
خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ، علماء دیوبند وسہارنپور اوران کے منتسبین کے عملیات وتعویذات
برائے شناخت (پہچان) مرض ✹ مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنے کا طریقہ ✹ استخارہ کی ترکیب ✹ قرض وکشائش کیلئے ✹ حاجت دارین کے واسطے مفید ✹ برائے کشائش رزق ✹ عملیات وتعویذات ✹ برائے ہر حاجت ✹ برائے دفع آسیب وسحر ومسان وغیرہ ✹ کسی بات کا معلوم کرنا ✹ برائے غیبی مدد اور ادائیگی قرض ✹ قرض سے نجات اوراطاعت مخلوق ✹ برائے روزی ازغیب ✹ برائے محبت ✹ برائے بخار ✹ حاضر مطلوب کے واسطے ✹ برائے دفع دشمن ✹ برائے زبان بندی دشمنان وحاسدان ✹ برائے مرگی ✹ برائے زیادتی دودھ در پستان عورت ✹ اس عورت کیلئے جس کے بچے زندہ نہیں رہتے ✹ مقصد میں کامیابی کیلئے ✹ نسخہ بواسیر ✹ برائے تسخیر ✹ برائے واپسی مفرور ✹ غیر مسلموں کیلئے تعویذ ✹ برائے برکت مکان ✹ دوافراد میں دشمنی کیلئے ✹ قید سے رہائی کیلئے ✹ شوہر کی ناراضگی دور کرنا ✹ جادو کے خوف واثر سے نجات ✹ موت، زندگی اور غائب کا حال معلوم کرنا ✹ پتھری سے نجات کیلئے ✹ نسخہ برائے درد گردہ ✹ برص اور یرقان کیلئے ✹ کسی بات کا معلوم کرنا ✹ قرض کی ادائیگی ✹ حب کا کامیاب عمل ✹ حافظہ تیز کرنے کیلئے ✹ ظالم دشمن پر ہیبت طاری کرنا ✹ جانور کی نظر دور کرنا ✹ حب کا کامیاب عمل ✹ مطیع کرنے کیلئے ✹ حاکم کے روبرو جانے کا عمل ✹ کسی کو اپنا عاشق بنانا ✹ عزت وبزرگی کیلئے
+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
0332-4487877
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
(نئی کتاب)
صفحات 70
کشکول صفدری
مصنف: فیصل حمید صفدری نقشبندی
قیمت 3000 روپے
شرطیہ نئے اور مجرب عملیات نہ زکوٰۃ نہ چلہ، عامل کو کامل بنانے والے عملیات
✹ جلب ومحبت ✹ وسعت رزق ✹ فتح نامہ ✹ سمیلۃ محبت ✹ بغض وعداوت ✹ ہلاکت دشمن ✹ محبت نورانی ✹ عمل انتقام دشمن ✹ محبت مجرب ✹ ارسال ہاتف ✹ عمل متحابہ اعداد کا ✹ جلب السفلی ✹ حب ہاروت ماروت ✹ حاضری مطلوب ✹ محبت عجیب ومجرب ✹ اصراف عامر نوری ✹ محبت وجلب قوی ✹ محبت قوی وجدا ✹ محبت مثل نار ✹ مطلوب کی نیند باندھنا ✹ محبت بذریعہ نمک ✹ دوسری شادی روکنا ✹ عمل محبت بین الزوجین ✹ جلب جیب انڈے والا ✹ حفاظت جنات وآسیب ✹ زبان بندی ✹ حاضری مطلوب سفلی (عورتوں کیلئے) ✹ محبت مجربہ ✹ تسخیر ومحبت کامل ✹ حب ناریہ ✹ بندش مجربہ ✹ محبت کا پیالہ ✹ ایک آسان عمل ✹ ارسال ہاتف ✹ خوابی حاضرات ✹ روحانی طاقت ✹ حب ودب ✹ صلح زوجین ✹ محبت جلب اطاعت ✹ محبت سفلی ✹ حاجت روائی ✹ وقتی حاضری ✹ طلاق وجدائی وفراق ✹ محبت نکاح ✹ حب شدید ✹ حصار نوری ✹ دیوانگی طاری کرنا ✹ عمل شرتباہی ✹ ہربات منوانا ✹ دفینہ حاصل کرنا
+maktabatulaarif
0323-4487877
042-35410586
0332-4487877
+maktabatulaarif
مکتبۃ العارف دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif@gmail.com
http://darulamal.org/matabalaarif
جسمانی بیماریوں کے مختلف طریقوں (ہومیوپیتھی، طبی، روحانی اور دیگر) کے علاج کی تفصیل

ماہنامہ خزینہ روحانیات
63
اگست 2022ء
فلیتہ قاف کا پیڈ
منفی اثرات جلانے کیلئے فلیتہ قاف انتہائی قوی ترین فلیتہ ہے۔
روحانی معالجین عموماً جادو جنات بندش نظر بد کے مریضوں کو پلانے اور پہننے کے تعویذات کے ساتھ ساتھ جلانے کے تعویذات بھی دیتے ہیں۔ ان کے لئے بنے بنائے دم شدہ فلیتے کسی نعمتِ عظمیٰ سے کم نہیں کہ اس میں معالج کو کچھ کرنے کی حاجت نہیں۔ جب بھی مریض آئے پیڈ سے نکال کر استعمال کا طریقہ بتا دینا ہے۔
معالجین بچوں کی فوری نظر بد کی کاٹ کے لئے اسے استعمال کروائیں، ان شاء اللہ فوری اثر ظاہر ہوگا۔ علاوہ ازیں بعض بچے مسلسل روتے رہتے ہیں گھر والوں بلکہ ڈاکٹرز بھی وجہ نہیں جان پاتے، ایسے بچوں کے لئے بھی یہ فلیتہ مفید ترین ہے۔
اس فلیتے کو تشخیص کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔
مکمل پیڈ لینے والوں کو تمام طُرق استعمال ساتھ بتائیں جائیں گے۔
ایک پیڈ میں 800 فلیتے ہوں گے
مکمل پیڈ کا ہدیہ: 900 روپے
نصف پیڈ کا ہدیہ: 500 روپے
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
فتح نامہ مدور کا پیڈ
بحمد اللہ تعالیٰ یہ "فتح نامہ" ایک آلِ نبی اولادِ علی سے حاصل ہوا ہے، فتح نامہ دیکھنے میں بہت سادہ لیکن تاثیر میں بے مثل ہے۔
فتح نامہ کے طرق استعمال
اس کے 50 سے زائد فوائد ہیں، یہ ایک خوشبو ہے ایک نور ہے، جس کی مہک اور روشنی کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔
فوائد 1 جس کے پاس یہ فتح نامہ ہوگا وہ کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔ 2 اس پر جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ 3 جنات حملہ نہیں کر سکیں گے۔ 4 حادثات سے حفاظت ہوگی۔ 5 ہر دل عزیز ہوگا۔ 6 دشمن زیر ہوں گے۔ 7 لوگوں کے دھوکے اور مکر و فریب سے حفاظت ہوگی۔ 8 مرادیں پوری ہوں گی 9 زندگی سے رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ 10 دشمنوں کی نظر و حسد سے حفاظت ہوگی۔ 11 بدخواہوں کی زبان، مخالفت سے بند ہوگی۔ 12 بے اولاد وں کو اولاد نصیب ہوگی 13 مصیبتوں کا توڑ ہے۔
فتح نامہ مدور کا پیڈ
فتح نامہ کے پیڈ میں تقریباً 600 یا 800 دم شدہ تعویذات ہوں گے۔
پیڈ کا ہدیہ 900 روپے نصف پیڈ کا ہدیہ: 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ ہے۔
0320-4312272
0334-4312272
042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop
ruhanishop@gmail.com
ruhanishop
ruhani.shop
ruhani-shop
تعویذِ ہشت سلام کا پیڈ
ہشت سلام کے تعویذ کے متعدد فوائد المنجیات میں ذکر کیے گئے ہیں
حصار
جادو جنات بندش نظر بد کے علاج
سفلی عمل کی کاٹ
تسخیر و فتوحات
بھان متی کے عمل کی کاٹ
مہلک امراض سے شفاء
گھر میں اتفاق و اتحاد
فراوانی مال و رزق
برکتِ دکان و مکان وغیرہ کثیر مسائل کے حل میں مؤثر ہے
یہ پیڈ عاملین اور بالخصوص روحانی علاج کرنے والوں کے لئے بنائے گئے ہیں۔
تعویذِ ہشت سلام کے تمام پیڈز دم شدہ ہوں گے
ایک پیڈ میں تقریباً 200 یا 400 تعویذات ہوں گے
ایک پیڈ کا ہدیہ: 900 روپے
نصف پیڈ کا ہدیہ: 500 روپے
مکمل پیڈ لینے والوں کو تمام طُرق استعمال ساتھ بتائیں جائیں گے۔
0320-4312272
0334-4312272
042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org/ruhanishop
ruhanishop@gmail.com
ruhanishop
ruhani.shop
ruhani-shop
تعویذ حفظ جان
نئے اسلامی سال کا خاص تحفہ
ہر قسم کی زمینی و آسمانی آفات و بلیات سے حفاظت کا خاص مجرب تعویذ
کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی سارا سال اغوا، قتل، ڈاکے، چوری، حادثات، گولی، بم بلاسٹ، ہر قسم کے لڑائی جھگڑے، جادو، جنات اور نظر بد کے برے اثرات سے حفاظت رہے، تو اپنی، اپنے گھر والوں، اپنے کاروباری عملے، اپنے مال، مویشی، کھیتی باڑی، جائیداد، ٹرانسپورٹ اور دیگر ضروریاتِ زندگی کی مکمل حفاظت کیلئے تعویذ حفظ جان لازمی بنوائیں اور پھر ملاحظہ فرمائیں کہ کس طرح زندگی کے ہر موڑ پر آپ کی غیبی حفاظت ہوتی ہے۔
تعویذ کا ہدیہ: عوام کے لئے 750 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)
نوٹ: یہ تعویذ سال میں صرف ایک دن یعنی یکم محرم الحرام کو تیار کیا جائے گا۔ تعویذات محدود تعداد میں تیار کیے جاتے ہیں۔ جو افراد دلچسپی رکھتے ہوں، وہ یکم محرم سے پہلے رابطہ فرمائیں۔
عاملین کے لئے زیادہ تعویذات لکھوانے پر خصوصی رعایت ہوگی
0346-4312272, 042-35410586
روحانی دکان دار العمل چشتیہ
ruhanishop
darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com
0320 0334 4312272
ruhani.shop
ruhani-shop
مردانہ کمزوریوں اور ہر طرح کے جنسی امراض سے نجات کے لیے مجرب ادویات کی تفصیل
https://bit.ly/3uPLEbn

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

اگست 2022ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط و تفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 0309-7772775 | 042-35410586

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

اگست 2022ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ علاج ______

نوٹ علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 0342-7772772 | 042-35410586

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288

روحانی دکان کی دم شدہ اشیاء پر پہلے عاملین دم کرتے ہیں اس کے بعد جنات سے دم کروایا جاتا ہے۔ ان دم شدہ اشیاء پر مختلف مقاصد کے لئے مختلف دم کیے گئے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ عاملین حضرات مختلف روحانی مسائل کیلئے یہ اشیاء مریضوں کو استعمال کرائیں۔

عطر حفاظت	عطر تسخیر	عطر حاضری	عطر واپسی سحر
قیمت: 220 روپے	قیمت: 360 روپے	قیمت: 200 روپے	قیمت: 300 روپے
روحانی اگربتی برائے دفع جنات جادو	روحانی اگربتی برائے دفع جنات	روحانی اگربتی برائے دفع جادو	روحانی اگربتی برائے دفع نحوست
قیمت: 150 روپے	قیمت: 150 روپے	قیمت: 150 روپے	قیمت: 200 روپے
روحانی اگربتی برائے حصول برکت	روحانی اگربتی برائے واپسی سحر	روحانی شہد برائے جادو جنات	روحانی شہد برائے شوگر
قیمت: 200 روپے	قیمت: 250 روپے	قیمت: 600 روپے	قیمت: 1000 روپے
روحانی شہد برائے شفاء الامراض	روحانی نمک برائے جادو جنات	روحانی نمک برائے پیٹ درد	روحانی نمک برائے زبان بندی دشمن
قیمت: 600 روپے	قیمت: 60 روپے	قیمت: 60 روپے	قیمت: 600 روپے

دار العمل چشتیہ کے شاگردوں کیلئے 20% رعایت

ممبران خزینہ روحانیات کیلئے 10% رعایت